ترقی اور آمدنی میں دن دوگنی رات چوگنی اضافہ کے لئے پرتاثیر عملیات
عملیات روزگار
ڈاکٹر حشمت جاہ
Qureshi R.W

روزگار میں ترقی، آمدنی میں دن دوگنی رات چوگنی

اضافہ کے لئے آزمودہ اور پرتاثیر عملیات

عملیات روزگار

مؤلف : ڈاکٹر حشمت جاہ

مکتبہ روحانی سائنس

مطب عرشی دواخانہ کراچی

کتاب : عملیات روزگار

مؤلف : ڈاکٹر حشمت جاہ

پبلشر : مکتبہ روحانی سائنس

قیمت : -/75 روپے

اسٹاکسٹ

شمع بک ایجنسی اردو بازار کراچی

مرکز شفاء

M-18 میزنائن فلور سینٹرم شاپنگ مال

بالمقابل ریاض آٹوز راشد مہناس روڈ کراچی

موبائل فون نمبر : 0300-373-3851

اوقات

صبح 11 بجے سے 1 بجے تک

اتوار تعطیل

مرکز روحانیت

شاپ نمبر 10 ہنی پیلس SB-3

بلاک ۔ 13-C بالمقابل بیت المکرم مسجد

نزد سپر مارکیٹ بس اسٹاپ مین یونیورسٹی روڈ

گلشن اقبال ٹاؤن کراچی ۔ 75300

فون نمبر : 021-4989410

اوقات

شام ۔ 4 بجے سے 6 بجے تک اتوار تعطیل

Qureshi R.W

فہرست

رزق کے اعمال

رزق اور اس کی حقیقت

رزق کے معنی :

امام راغب! رزق کے معنی لکھتے ہیں۔

العطار الجاری تارۃ دنیویاً کان ام اخرویاً وللنصیب تارۃً۔

یعنی رزق عطائے جاری کو کہتے ہیں۔ چاہے دینی ہو یا دنیاوی اور اس کے ایک معنی حصہ کے بھی ہیں۔ جیسا کہ قرآن حکیم میں ارشاد ہوا ہے کہ

وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ۔ (سورۃ واقعہ ۵۶ آیت۔۸۲)

المنجد میں رزق کے معنی **لِكُلِّ مَايُنْتَفِعِ به** لکھتے ہیں۔ یعنی ہر وہ چیز جو نفع دے رزق ہے۔ قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ تفسیر القرآن بکلام الرحمٰن میں قرآن حکیم کی آیت **مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ** کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ **رزقنٰھم من المال والعلم والجارہ** اور تفسیر جلالین میں **رزقنٰھم** کی تشریح **ما اعطینٰھم** سے کی ہے۔ غرض رزق کا لفظ کلام عرب میں بڑے وسیع معنی رکھتا ہے۔ اس میں ہر قسم کی نعمت شامل ہے۔ چاہے وہ ظاہری ہو یا باطنی، جسمانی ہو یا روحانی۔

حقیقت رزق

عام طور سے ہم رزق کا لفظ صرف مال کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ حالانکہ یہ رزق کا وہ مفہوم ہرگز نہیں ہے جو ہمیں اسلام نے دیا ہے اسلام رزق کا لفظ ایک طرف تو وہ جان و جاہ کے لئے استعمال کرتا ہے تو دوسری طرف علم وحکمت، قوت وطاقت اور فن و ہنر کے لئے بھی استعمال کرتا ہے۔

برکت رزق کا مفہوم

برکت کا لفظ برک سے ماخوذ ہے۔ جس کے لفظی معنی سینہ کے ہیں، اونٹ اپنا سینہ ٹیک کر بیٹھتا ہے۔ اس لئے اس میں ٹھہرنے، ٹیکنے اور ثابت قدم رہنے کے معنی پائے جاتے ہیں۔ چنانچہ وہ حوض جس میں پانی جمع ہو جائے۔ اسے عربی میں برکۃ کہتے ہیں۔ اسی مناسبت سے کسی چیز میں خیر وخوبی کے جمع ہو جانے کو برکت کہا جاتا ہے۔

برکت کی حقیقت یہ ہے کہ جب کسی شے کی غایت حاصل ہو جائے۔ مثلاً کھانا جس سے مقصود طاقت وقوت اور صحت کا قیام ہے۔ اگر یہ حاصل ہو جائے تو اسے کھانے کی برکت کہا جائے گا۔ اسی طرح برکت اس غیر محسوس خیر کو کہتے ہیں جو مادی وسائل کے حدود سے آگے کی بات ہوتی ہے۔ اس طرح مادی یا غیر مادی قدروں میں کمیت یا کیفیت کے اضافہ کو اور غایت شے کے حصول کو برکت کہا جاتا ہے۔

اب ہم کشائش رزق کے لئے وہ قرآنی دعائیں، تعویذات اور نقوش منظر عام پر لا رہے ہیں۔ جو نہایت مجرب و آزمودہ ہیں اور ان میں بعض تو وہ ہیں کہ جن کی اجازت موکلین سے براہِ راست حاصل کی گئیں ہیں اور بعض وہ ہیں جو سینہ بسینہ چلی آرہی ہیں۔ اس مقام پر یہ بات ذہن نشین رہنی چاہئے کہ جو وظائف ہم پڑھتے ہیں تو اس کا نقد فائدہ اسی وقت حاصل ہو جاتا ہے۔ جسے ہم ثواب اور اللہ کا قرب کہتے ہیں۔ اس لئے ہمیں ہر عمل کو پڑھتے ہوئے اصل نیت تو یہ رکھنی چاہئے کہ اللہ راضی ہو اور اس کا قرب حاصل ہو۔ تو انشاء

اللہ! اس طرح وظائف پڑھنے سے تمام برکات حاصل ہوں گی۔

"درودمدنی"

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلیٰ مُحَمَّدٍ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

"درود الصوفی"

صَلَّی اللہ عَلَیْہِ وَعَلیٰ اٰلِہٖ وَسَلَّمْ

وسعت رزق کے مجرب ترین اعمال

آیۃ الکرسی کے موکل کا بتلایا ہوا رزق کا ایک عمدہ عمل

یا رزاقُ ، کو ایک تصور کر کے ۱۲ مرتبہ بارہ دن تک پڑھیں۔ اگر بالکل رزق کا وسیلہ نہیں ہے تو اس کے بے شمار اسباب پیدا ہونے شروع ہو جائیں گے اور اگر پہلے سے کچھ اسباب ہیں تو ان میں کثرت سے اضافہ ہوگا۔

اشیاء میں برکت کا عمل

جو شخص کچھ خریدے تو سورۃ القریش ۶ بار اور چاروں قل پڑھ کر اس شے پر دم کرے اور دعا مانگے تو اللہ برکت دے گا۔ سورۃ الکافرون ایک بار، سورۃ الاخلاص ۴ بار، سورۃ الفلق ۹ بار، سورۃ الناس ۵ بار۔

دفعہ فاقہ

جو شخص سورۃ واقعہ ہر رات ۶ بار پڑھے۔ اس کو کبھی فاقہ نہ ہو۔ حدیث میں بھی اس کی افادیت کا ذکر موجود ہے۔

تنگی دور کرنے کا آسان عمل

سونے سے پہلے رات کو سورۃ اخلاص ۲ بار۔ سبحان اللہ و بحمدہ سبحان اللہ العظیم و بحمد استغفر اللہ ۶ مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب حضور اکرم ﷺ کی روح مبارکہ کو پہنچادیں اور دعا کر کے سورہیں۔ تنگی دور ہو جائے گی اور کبھی فاقہ نہ ہوگا۔

رزق میں فروانی

جو اس دعا کو نماز جمعہ کے بعد کسی سے بات کئے بغیر قبلہ کی طرف منہ کر کے ۱۳ مرتبہ پڑھے تو رزق قلیل میں خدا برکت عطاء کریں گے۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ یَا غَنِیُ یَا حَمِیْدُ یَامُبْدِیُ یَا مُعِیْدُ یَا رَحِیْمُ یَا وَ دُوْدُ اَکْفِنِیُ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَبِطَاعَتِکَ عَنْ مَعْصِیَتِکَ وَبِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ۔

دعا برائے رزق

وضو کے درمیان مندرجہ ذیل دعا ۵ بر پڑھیں تو اس کے رزق میں فراوانی ہو اور کبھی فاقہ نہ ہو۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمَ اَللّٰھُمَّ اَغْفِرلِی ذَنْبِیُ وَوَسِع لِیُ فِیُ دَارِیُ وَبَارِکَ لِیُ فِیُ رِزْقِی یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

وسعت رزق کا آزمودہ عمل

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔

یہ فقرہ ہر قسم کے ضرر سے بچنے کے لئے اور غیب سے رزق حاصل کرنے کے لئے اور

دشمنوں پر فتح یاب ہونے کے لئے اور عزت و آبرو کی حفاظت کے واسطے کیمیا ہے اور عجیب و غریب تاثیر رکھتا ہے۔ اس کا ختم رزاق کے عدد اور کافی کے عدد کفیل کے عدد اور ناصر کے عدد کے موافق پڑھے۔ جو اسم اپنی حاجت کے مناسب ہو۔ اس کے عدد کے موافق پڑھے۔ یہ عمل بہت ہی مجرب اور موثر ہے۔

رزق کا ایک مجرب عمل

کشائش رزق کے لئے یہ عمل مجرب ہے۔ ۱۲ مرتبہ پڑھیں۔ شب جمعہ کو تنہائی میں بیٹھ کر یہ دعا ۱۳ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ صبح سے ہی فائدہ نظر آنے لگے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔
اوّل و آخر درود الصوفی ۸ بار پڑھیں۔

اَلْمُعْطِیْ ھُوَ اللّٰہُ

رزق کے لئے ایک نادر عمل

یہ بھی وسعت رزق کے لئے نہایت مجرب ہے۔ جو کوئی پڑھے گا۔ انشاء اللہ سچا پائے گا۔ بہت خاص عمل ہے اہتمام اور یقین کے ساتھ پڑھنے والے کے رزق میں وسعت ہوگی اور بند رزق کھل جائے گا۔

رَبِّ اِنِّیْ لِمَا اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ۔

طریقہ : اس دعا کو بھی بعد نماز عشاء دو رکعت نفل پڑھ کر ۱۶ مرتبہ پڑھیں تو فوراً نفع ظاہر ہوگا۔ مقصد حاصل ہونے تک عمل جاری رکھیں۔

رزق کے لئے درویشوں کا بتلایا ہوا عمل

یَاوَھَّابُ ھَبْ لِیْ مِنْ نِعْمَةِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ۔

یہ دعا بھی ۱۳۱ مرتبہ پڑھنی ہے کشائش رزق کے لئے نہایت مجرب ہے۔ یہ کیمیائے درویشان کے نام سے موسوم ہے۔

رزق کی برکت کے لئے

جو شخص اس دعا کو پانچوں وقت نماز کے بعد پڑھنے کا معمول بنالے گا۔ خصوصاً نماز جمعہ کے بعد، تو وہ شخص ہر طرح کی برکت سے مالا مال ہوگا اور خداوند تعالیٰ اسے ایسی جگہ سے رزق عطا فرمائے گا کہ جہاں سے اسے گمان بھی نہ ہوگا۔

حَسْبِیُ رَبِّیُ جَلَّ اللّٰہ۔

اصحاب بدر کی تعداد یعنی ۱۲۸۳۳ مرتبہ ایک مقررہ وقت پر پڑھے تو بہت بہتر ہے ورنہ چلتے پھرتے کثرت سے پڑھے۔ (اصحاب بدر کی تعداد 313 تھی یعنی 313 کو 41 سے ضرب دے کر تعداد نکال لیں)

رزق کی کشادگی کیلئے ایک بزرگ کا بخشا ہوا نقش

اس نقش کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھیں۔ فراخی رزق کے لئے بہت مجرب ہے اور یہ حصول مطلب کے لئے بھی مفید ہے۔ زعفران سے باوضو ہو کر لکھیں اور لکھتے وقت اوّل وآخر درود ابراہیمی ضرور پڑھیں۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

بِسْم	اللّٰہِ	الرَّحْمٰن	الرَّحِیْم
یاغفور	یاغفور	یاغفور	یاغفور
یاغفور	یاغفور	یاغفور	یاغفور
یاغفور	برحمتک	یاارحم	الراحیم

مسجد نبوی میں غیب سے حاصل ہونے والا ایک نادر عمل

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمَ

اَلّٰھُمَّ اِنَّ الضُّحَاءَ ضُحَائُکَ وَالْبِھَاءَ بَھَائُکَ وَالْجَمَالَ

جَمَالَکَ وَالْقُوَّۃُ قُوَّتُکَ وَالْقُدْرَۃُ قُدْرَتُکَ وَالْعِصْمَۃَ
عِصْمَتُکَ اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَ رِزْقِی فِی السَّمَآءِ فَاَنْزِلْہُ وَاِنْ
کَانَ فِی الْاَرْضِ فَاَخْرِجْہُ وَاِنْ کَانَ فِی الْمَاءِ وَالْبَحْرِ
فَاَطْلِعْہُ وَاِنْ کَانَ اٰجِلًا فَعَجِّلْہُ وَاِنْ مُعْسِرًا فَیَسِّرْہُ وَاِن
کَانَ حَرَامًا فَطَھِّرْہُ وَاِنْ کَانَ بَعِیْدًا فَقَرِّبْہُ وَاِنْ کَانَ قَلِیْلًا
فَکَثِّرْہُ وَاِنْ کَانَ کَثِیْرًا فَبَارِکْ لِیْ فِیْہِ وَاَوْصِلْہُ اِلَیَّ حَیْثُ
کُنْتُ وَلَا تَنْقِلْنِیْ اِلَیْہِ حَیْثُ کَانَ وَاجْعَلْ یَدَیَّ الْعُلْیَا
بِالْاَعْطَاءِ وَلَا تَجْعَلْھَا السُّفْلٰی بِالْاِسْتِعْطَاءِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ
شَیْءٍ قَدِیْر بحق ضُحَائِکَ وَبَھَائِکَ وَجَمَالِکَ
وَقُدْرَتِکَ وَقُوَّتِکَ وَعِصْمَتِکَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا
بِکَ آتِنِیْ مَا اٰتَیْتَ عِبَادَکَ وَصَالِحِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمْ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ
الْعَالَمِیْنَ۔

۹ مرتبہ پڑھیں۔

ترجمہ : اے اللہ! بے شک چاشت آپ ہی کا ہے اور ہر طرح کی رونق بھی آپ ہی کی طرف سے ہے، جمال بھی آپ ہی کا معتبر ہے۔ قوت بھی بس آپ کی قوت ہے۔ قدرت بھی آپ ہی کو زیبا ہے۔ حفاظت بھی آپ ہی کو بجتی ہے۔ اے اللہ! اگر میرا رزق آسمان میں ہے تو اسے (زمین پر) نازل فرمایئے، اگر زمین میں کہیں پوشیدہ ہے۔ تو برآمد کر دیجئے اور اگر دریاؤں اور سمندروں میں ہے تو اس سے آگاہی بخشئے اور اگر دیر سے پہنچنے والا ہے تو اسے جلد پہنچا دیجئے اور اگر حصول دشوار ہو تو آسان کر دیجئے اور اگر اس میں کوئی حرمت کی بات ہے تو اس کو اس میں سے نکال کر پاک اور حلال کر دیجئے اور اگر پہنچ سے دور ہو تو اسے قریب کر دیجئے اور اگر کم مقدار میں ہو تو مقدار زیادہ کر دیجئے۔ اگر بہت کثیر ہے تو اس کو

خیر و برکت کا باعث بنائیے۔ میرا رزق مجھ تک پہنچائیے۔ میں جہاں بھی ہوں اور مجھے جہاں وہ ہے وہاں پہنچنے کی زحمت سے بچائیے۔ میرا ساتھ دینے والا ہاتھ بنائیے، مانگنے والا ہاتھ نہ بنائیے، بے شک آپ ہر چیز پر پوری طور پر قابو یافتہ ہیں۔ اپنے چاشت اپنی نایاب جمال قدرت، قوت اور عصمت کا آپ کو واسطہ کہ آپ کے سوا کوئی طاقت کوئی قوت قابل اعتماد نہیں ہے۔ مجھے وہی عطا فرما جو اپنے پسندیدہ بندوں کو عطا فرماتے ہیں اور صلوٰۃ وسلام نازل فرمائیے۔ اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ اور ان کی تمام آل واصحاب پر اور ہر تعریف سزا وار ہے۔ اللہ رب العالمین کو!

بعد دعا کے ۷ امرتبہ درج ذیل دعا بھی پڑھنی ہے۔

رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمَ۔

ترجمہ : اے پروردگار مجھے بخش دے اور میری توبہ قبول فرما! بے شک تو عنایت فرمانے والا مہربان ہے۔

صلوٰۃ الضحیٰ (چاشت کی نماز) کی کم سی کم دو رکعات زیادہ سے زیادہ بارہ رکعات ہیں۔ وقت سورج نکلنے کے ایک گھنٹہ بعد سے نصف النہار شرعی تک ہے۔

یہ دعا صلوٰۃ الضحیٰ کے علاوہ بھی کسی وقت مانگی جا سکتی ہے۔ رزق کی ترقی اور فراوانی کے لئے مجرب ہے اور ایک خصوصی عطیہ ہے۔

رزق کی تنگی میں آسانی کیلئے

جو شخص چاہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی مخلوق کے شر سے حفاظت کرے اور اس پر رزق آسان کرے اور مخلوق کے دلوں میں اس کی محبت ڈالے تو وہ ہر روز ۳۷ مرتبہ۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔ (سورۃ آل عمران ۳ آیت۔ ۱۷۳)

۱۴ دفعہ۔

اَلَّذِیْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ

اِیماناً وَّ قَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔ (سورۃ آل عمران ۳ آیت ۔۱۷۳)

۲ ادفعہ یہ بھی پڑھے۔

فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْءٌ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ ذُوْفَضْلٍ عَظِيْمٍ۔ (سورۃ آل عمران ۳ آیت ۔۱۷۴)

جس نے اس پر پابندی کی اس کی مشکل کام عجیب طرح آسان ہو جائیں گے۔

فراخی رزق کیلئے

یاوھاب اویاباسط۔ یہ نہایت آسان اور مجرب عمل ہے۔ دونوں اسماء کو باوضو خوشبو لگا کر ۳۳ مرتبہ روزانہ اوّل وآخر درود الصوفی ۱۲۔۱۲ کے ساتھ پڑھے تو رزق کشادہ ہو۔ اس کے ساتھ درج ذیل نقش لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

۲۱	۲۴	۲۷	۱۴
۲۶	۱۵	۲۰	۲۵
۱۶	۲۹	۲۲	۱۹
۲۳	۱۸	۱۷	۲۸

رزق کیلئے ایک بہترین عمل

جو شخص افلاس میں ہو اور اپنے رزق کی وسعت اور روزی کی کشائش چاہے تو ہر روز فجر کی نماز کے بعد یہ دعا ۱۵ مرتبہ پڑھے۔

اَلَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا وَّ قَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔

(سورۃ آل عمران ۳ آیت ۔۱۷۳)

فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْءٌ وَّاتَّبَعُوْا

رِضْوَانَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ ذُوْفَضْلٍ عَظِيْمٍ۔ (سورۃ آل عمران ۳ آیت ۱۷۴)
ایک ہفتہ نہیں گزرے گا کہ رزق میں فراوانی آنے لگے گی۔

کشادگی رزق کیلئے مجرب عمل

یہ عمل بھی رزق کی کشائش کے لئے مجرب ہے اور اکثر بزرگوں کا معمول رہا ہے۔ ہر روز ۱۲ مرتبہ یا مُغْنِیُ اور سورۃ مزمل ۳۱ بار اور اگر ۳۱ بار نہ ہو سکے تو ۴ بار پڑھتا رہے۔ رزق میں کشادگی بڑھتی ہی جائے گی۔

کشائش رزق کیلئے اسم ذات کے موکل کا بخشا ہوا عمل

اسم ذات کے موکل (یعنی اللہ) نے رزق کی وسعت کے لئے قرآن شریف کی یہ آیت بتلائی۔ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ۔ (سورۃ ذاریات ۵۱ آیت ۵۸)
اس آیت کو ۳۷ مرتبہ دس دن تک روزانہ بغیر ناغہ کئے پڑھیں۔ پھر اس کے بعد اس کی تعداد ۱۰ کر دیں۔ فراوانی رزق کے لئے یہ ایک بہترین عمل ہے۔

وسعت رزق کیلئے

درج ذیل آیت ۱۵۴ مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھیں۔ انشاء اللہ رزق کے دروازے کشادہ ہوں گے۔ عمل کی مدت ۵ دن ہے، یا پھر مقصد حاصل ہونے تک۔
اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ۔
(سورہ شوریٰ ۴۲ آیت ۱۹)

وسعت رزق کا عمل

وسعت رزق کے لئے مغرب اور عشاء کے درمیان صلوٰۃ الاوابین کے بعد اس آیت کو ۹ مرتبہ پڑھا کریں۔

وَمَنْ یَتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّ یَرْزُقْهُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ط
وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ
لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ط (سورۃ طلاق ۶۵ آیت ۲ سے ۳)

رزق کا مجرب عمل

وسعت رزق کے لئے اس دعا کی مجھے خاندانی اجازت ہے۔ بارہا آزمایا ہوا ہے اور مشہور ہے۔ حضرت مجدد الف ثانیؒ کے معمولات میں بھی لکھا ہے۔ فجر کی سنت اور فرض کے درمیان ۱۵ بار یہ دعا پڑھیں۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ۔

درج بالا دعا کو ۹۳ مرتبہ بعد نماز عشاء ۱۲ دن بلاناغہ پڑھیں۔ تو انشاءاللہ رزق کے دروازے فوراً کھل جائیں گے۔ یہ ایک نعمت عظمیٰ ہے۔ پڑھنے والے ہی اس کی قدر جانیں گے۔

روزمرہ کا خرچہ لینے کا آسان عمل

رات کو سوتے وقت یاعزیز ۹۵ مرتبہ پڑھ کر سو جائیں صبح اٹھ کر بغیر کسی سے بات کئے ہوئے بائیں طرف اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا عَبْدُ الرَّحِیْمِ دائیں طرف اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا عَبْدُ الکَرِیْم۔ سامنے کی طرف اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا عَبْدُ الْقَدِیْر اور پیچھے کی طرف اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاعَبْدُا الرَّشِیْد ایک ایک مرتبہ پڑھیں روزانہ کا خرچ مل جایا کرے گا ناغہ نہ کریں۔

دکان میں برکت کے لئے

دکان میں خیر و برکت اور روزی میں اضافہ کے لئے سورہ کوثر کی تلاوت کرنا بہت جلد اپنا اثر دکھاتا ہے جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کے کاروبار میں ترقی ہو کاروبار خوب چلے دکان پر

گاہکوں کی آمد ورفت لگی رہے تو اسے چاہیے کہ جب دکان کھولے تو پہلے تین مرتبہ درود پاک پڑھے اس کے بعد سورہ کوثر کی تلاوت کرے گیارہ مرتبہ سورہ کوثر پڑھ کر دکان کے چاروں کونوں میں دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دکان میں خوب برکت پیدا ہوگی اور وافر مقدار میں روزی نصیب ہوگی۔

رزق میں اضافہ

اگر کوئی یہ چاہے کہ اس کے رزق میں خوب اضافہ ہو جائے، رزق کی تنگی جاتی رہے تو وہ ہر روز نماز عشاء کے بعد اکیس مرتبہ سورہ کوثر پڑھ لیا کرے۔ اگر فرصت نہ ہو تو سات بار ہی پڑھ لے۔ اگر اس قدر بھی فرصت نہ ہو تو ایک بار ہی پڑھ لینے پر مداومت کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کبھی رزق کی تنگی نہ ہوگی۔

رزق میں فراوانی کے لئے

جو کوئی اپنے رزق حلال میں اضافے کا خواہاں ہو وہ ہر روز نماز فجر کی سنت نماز کے بعد فرض سے پہلے یا نماز فجر کے بعد گیارہ سو مرتبہ یا مغنی پڑھے اور سو مرتبہ سورہ کوثر پڑھے۔ جبکہ نماز ظہر، عصر اور مغرب اور عشاء کے بعد صرف دو مرتبہ سورہ کوثر پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں خوب کشائش ہوگی۔

رزق میں اضافہ کیلئے

رزق میں اضافہ اور خیر و برکت کے لئے ہر نماز کے بعد سورہ کوثر پڑھ کر دعا مانگنے سے روزی میں خوب زیادتی ہوتی ہے اس مقصد کے لئے سورہ کوثر پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ فجر کی نماز کے بعد چالیس مرتبہ پڑھے۔ نماز ظہر کے بعد بیس مرتبہ، نماز عصر کے بعد پندرہ مرتبہ، نماز مغرب کے بعد دس مرتبہ اور نماز عشاء کے بعد پانچ مرتبہ پڑھے۔ ہر مرتبہ پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے کہ اللہ تعالیٰ رزق میں خیر و برکت عطاء فرمائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ دعا قبولیت کا شرف حاصل کرے گی اور روزی میں خوب اضافہ ہوگا۔

اس کے علاوہ ہر روز دکان یا کارخانہ وغیرہ جو بھی روزی کے ذریعہ کا مقام ہے وہاں پر باوضو حالت میں تین مرتبہ سورہ کوثر پڑھ کر پانی پر دم کرے اور دکان میں چاروں طرف دیواروں پر اس پانی کو چھڑک دے انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں روز بروز اضافہ ہوگا۔

رزق میں برکت کے لئے

سورہ کوثر کا بکثرت پڑھنا روزی کو بڑھاتا ہے اور روزی میں برکت پیدا ہوتی ہے۔

رزق میں برکت کیلئے

اگر چلتا ہوا کاروبار اچانک رک گیا ہو جس کی وجہ سے مالی مشکلات پیدا ہوگئی ہوں تو چاند کے مہینے کے پہلے سوموار کو نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر سورہ کوثر لکھے اس کے بعد اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں گیارہ مرتبہ سورہ کوثر پڑھے اور لکھے ہوئے کاغذ پر دم کرے۔ اس نقش کو کاروبار کی جگہ پر اونچی جگہ لگا دے یا مال تجارت میں رکھ دے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے رزق میں برکت پیدا ہوگی۔

سورہ کوثر کی برکت سے کاروبار خوب چمکے گا۔ اللہ تعالیٰ کاروبار میں خیر و برکت پیدا فرمائے گا۔

رزق میں زیادتی

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کے رزق میں زیادتی ہو اللہ تعالیٰ اسے بہت زیادہ رزق عطاء فرمائے تو اسے چاہیے کہ وہ ہر روز نماز مغرب کے بعد سات مرتبہ سورہ کوثر پڑھے۔ جب سات مرتبہ سورہ کوثر پڑھ چکے تو پھر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی اس کے رزق میں خیر و برکت پیدا ہوگی اور رزق میں زیادتی ہونا شروع ہو جائے گی۔

روزگار کے لئے

جو کوئی ہر روز سورہ کوثر باوضو حالت میں لکھے اور تھوڑے سے پانی میں اس کو گھول کر اس پاک پانی سے آٹے کی گولی بنائے اور ہر روز برابر چالیس یوم تک دریا میں ڈال دے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی روزی میں برکت ہوگی اگر وہ بیروزگار ہے تو اس کے لئے غیب سے روزگار کے اسباب پیدا ہوں گے۔

یہی نقش اگر پانی میں گھول کر تین دن مریض کو پلائے تو اسے شفاء حاصل ہو اور اگر زبان بندی کے واسطے کسی میٹھی چیز میں ڈال کر کھلائے تو دشمن کی زبان بندی ہوگی اور وہ دوست بن جائے گا۔

برائے روزگار

بے روزگار افراد کے لئے یہ عمل بہت ہی نافع ہے۔ ایسے افراد جو بیروزگاری کے ہاتھوں تنگ آ چکے ہوں کہیں سے کوئی روزگار حاصل نہ ہوتا ہو۔ روزی کی تلاش میں مارے مارے پھرتے ہوں مگر پھر بھی مقصد حل نہ ہوتا ہو تو اس مقصد کے حصول کے لئے سورہ کوثر کا یہ عمل نہایت آزمودہ اور فوری اثرات کا حامل ہے۔

اس کا طریقہ یہ ہے کہ چاند کے مہینہ کے عروج میں فجر کی نماز کے بعد جمعہ کے دن سے شروع کرے اور ہر روز بلاناغہ اکتالیس مرتبہ سورہ کوثر اس طرح سے پڑھے کہ اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اسی طرح ہر روز اکتالیس دن تک پڑھے درمیان میں ایک بھی دن کا ناغہ نہ کرے۔ ہر روز جب سورہ کوثر اکتالیس مرتبہ پڑھ لیا کرے تو اپنی حاجت کے حصول کے لئے بارگاہ ایزدی میں دعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ روزی کے اسباب غیب سے مہیا ہو جائیں گے اللہ تعالیٰ سورہ کی برکت سے اچھا روزگار نصیب فرمائے گا پریشانی جاتی رہے گی معاشی اور مالی پریشانی جلد دور ہو جائے گی۔

یقین اور خلوص نیت کے ساتھ ہر روز اس عمل کی برکت سے پردہ غیب سے اللہ تعالیٰ روزی کے اسباب پیدا فرما دیتا ہے۔ اس عمل کی برکت سے بے روزگار افراد بہتر روزگار حاصل کر سکتے ہیں۔

روزگار کا ذریعہ

اگر کسی کی روزی کا کوئی ذریعہ نہ ہو کاروبار کے لئے سرمایہ نہ ہو ملازمت کا حصول ناممکن ہو کسی بھی طرح روزگار کا کوئی ذریعہ نہ بنتا ہو تو ایسی صورت میں چاہیے کہ چاند کے مہینے میں جب پہلا جمعۃ المبارک آئے تو فجر کی نماز پڑھنے کے بعد اس دن سے اس عمل کو شروع کرے یعنی جمعہ کے دن سے لے کر روزانہ بلا ناغہ اکتالیس مرتبہ سورہ کوثر مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے اکتالیس یوم تک پڑھے سورہ کوثر پڑھنے کے بعد ایک سو مرتبہ یا رزاق کا ورد کرے پھر اللہ تعالیٰ سے روزگار کے حصول کے لئے دعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس کی روزی کے اسباب بہت جلد پیدا ہو جائیں گے اور اسے کوئی اچھا سا روزگار کا ذریعہ نصیب ہو جائے گا۔

روزی میں برکت

کاروبار میں ترقی اور رزق میں خیر و برکت کے لئے سورہ کوثر پڑھنا بہت ہی فائدہ مند ہے جو کوئی کاروبار میں ترقی کا خواہاں ہو وہ چاند کے مہینہ کی پہلی اتوار سے اس عمل کو شروع کرے اور سورہ کوثر اس طرح سے پڑھے یعنی اتوار کو فجر کی نماز کے بعد بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ ستر مرتبہ سورہ کوثر پڑھے۔ دوسرے روز پیر کے دن فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد ساٹھ مرتبہ پڑھے۔ تیسرے دن منگل کے روز پچاس بار پڑھے۔ بدھ کو چالیس بار پڑھے۔ جمعرات کو تیس بار پڑھے جمعہ کو بیس بار، ہفتہ کو دس بار پڑھے پھر اتوار سے دوبارہ اوّل کی طرح شروع کر دے۔ لیکن ہر روز اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود پاک بھی پڑھے اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے فراخی رزق کی دعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ دلی مقصد پورا ہوگا اور رزق کی خوب فراوانی ہوگی۔ سورہ کوثر کے اس عمل کے بارے میں ''خزینہ الاسرار'' کے مصنف اپنی کتاب میں تحریر فرماتے ہیں کہ مجھے علماء ہند میں سے ایک بزرگ نے اس عمل کی اجازت مرحمت فرمائی تھی اور یہ کہا تھا کہ میرے مرشد ایک خالی مکان میں بالکل الگ تھلگ تنہا رہتے تھے اور بہت سے مرید بھی ان کے پاس آتے جاتے تھے اور اسی عمل کی برکت سے میرے مرشد تمام مریدوں کو اپنے پاس سے کچھ نہ کچھ دیتے رہتے تھے اور جو بھی آتا اس کو اس کی خواہش کے مطابق کھانا بھی کھلاتے تھے۔ سورہ کوثر کا یہ عمل بہت ہی فیوض و برکات کا حامل ہے اس کا عامل رزق کی کمی کا شکار نہیں ہوتا۔

فراخی رزق کے لئے

روزی میں اضافے اور خیر و برکت کے لئے ہر روز بلاناغہ چالیس یوم تک نماز فجر یا نماز عشاء کے بعد چالیس مرتبہ سورہ کوثر اس طرح سے پڑھے کہ اوّل و آخر چالیس چالیس بار درود پاک پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے فراخی رزق کی دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں خوب اضافہ ہوگا۔ سورہ کوثر کی برکت سے تنگی رزق کی شکایت ختم ہو جائے گی۔

رزق میں اضافہ

روزی میں خیر و برکت اور اضافے کے لئے سورہ کوثر پڑھنا فوری طور پر فائدہ دیتا ہے۔

اگر کسی کا کاروبار نہ چلتا ہو، سخت مندے کا رجحان ہو اور چاہتا ہو کہ اس کا کاروبار دن دوگنی رات چوگنی ترقی کرے تو اس مقصد کے لئے ہر ماہ چاند دیکھ کر چاند رات کو نماز مغرب اور نماز عشاء کے درمیانی وقفہ میں باوضو حالت میں قبلہ رو بیٹھ کر اوّل و آخر درود پاک پڑھے اور درمیان میں ایک ہزار مرتبہ سورہ کوثر پڑھے۔ اس کے بعد ایک سو مرتبہ یا قاضی الحاجات پڑھے۔

جب یہ پڑھ چکے تو اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے بفضل باری تعالیٰ دعا قبول ہوگی اور غیب سے روزی کے اسباب مہیا ہوں گے۔ رزق میں برکت پیدا ہوگی اور کمی رزق کی شکایت جاتی رہے گی۔ اگر سورہ کوثر ایک ہزار مرتبہ نہ پڑھ سکے تو پھر ایک سو پچیس مرتبہ پڑھ کر بھی عمل مکمل کر سکتا ہے۔

کاروبار خوب چلے

اگر کسی کی دکان نہ چلتی ہو، کاروبار سخت مندے کا شکار ہو تو وہ نماز تہجد ادا کرنے کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر عرق گلاب و مشک سے ایک سفید کاغذ پر سورہ کوثر لکھے اور اپنے کاروبار والی جگہ یا دکان کے اوپر اونچی جگہ دیوار پر چسپاں کر دے اور دکان پر بیٹھ کر ہر روز صبح کے وقت ایک سو مرتبہ سورہ کوثر پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ گاہکوں کی خوب آمد و رفت ہوگی اور دن بدن کاروبار خوب چمکے گا۔

کاروبار میں برکت

کاروبار میں اضافے اور برکت کے لئے جو کوئی ہر نماز کے بعد بیس مرتبہ سورہ کوثر پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے کاروبار میں خیر و برکت ہوگی، رزق میں فراخی ہوگی، سورہ کوثر کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کا رزق وسیع فرما دے گا۔ پردہ غیب سے اس کے کاروبار میں ترقی کے اسباب پیدا ہوں گے۔ اس کا کاروبار ٹھیک ہو جائے گا۔ رکا ہوا کاروبار چند دنوں کے عمل سے ہی چلنا شروع ہو جائے گا۔

اس مقصد کے لئے وہ اس پر مداومت کرے اور ہر روز بلا ناغہ پڑھے۔ کم از کم اکتالیس یوم تک بلا ناغہ پڑھنا لازم ہے۔ اگر اس کے بعد بھی عمل پر قائم رہ سکے تو بہت بہتر ہے ورنہ جس قدر ممکن ہو سکے ہر نماز کے بعد پڑھنے کی کوشش کرے بفضل باری تعالیٰ رزق میں خوب فراوانی ہوگی۔

کاروبار میں کامیابی

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ وہ جو بھی جائز کام شروع کرے اس میں اسے کامیابی حاصل ہو، ناکامی کا منہ نہ دیکھنا پڑے، کامیابی اس کے قدم چومے تو وہ ہر روز فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں گیارہ مرتبہ سورہ کوثر پڑھے۔ اس کے بعد ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔

جب تک کامیابی نہ ہو ہر روز بلا ناغہ اس عمل کو جاری رکھے توجہ اور یکسوئی کے ساتھ عمل کرے یقین کامل رکھے کہ اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی سے ہمکنار فرمائے گا، انشاء اللہ تعالیٰ چالیس دن پورے نہ ہوں گے کہ اللہ تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی عطاء فرمائے گا۔

کشائش رزق

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کو کبھی رزق میں کمی نہ آئے۔ اس کا رزق دن بدن بڑھتا رہے اس کی مفلسی و غربت دور ہو جائے تو وہ ہر روز بلا ناغہ نماز فجر کے بعد سورہ کوثر پڑھنے کا معمول بنا لے اور پڑھنے کے لئے کشائش رزق کی دعا مانگے تو بفضل باری تعالیٰ اس کے رزق میں خوب اضافہ ہو گا۔

کشائش رزق کے لئے

رزق میں خیر و برکت اور کشائش کے لئے ہر روز بلا ناغہ نماز فجر کے بعد اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں تین مرتبہ سورہ کوثر پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے اس کی روزی کے اسباب پیدا ہوں گے اس کو معلوم بھی نہ ہو گا کہ اس قدر رزق کی فراوانی کیسے ہو رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنا خاص فضل و کرم نازل فرمائے گا اور کبھی بھی رزق کی کمی نہ ہو گی۔

رزق میں اضافہ

جو کوئی اپنے رزق حلال میں وسعت کا خواہاں ہو وہ ہر روز نماز عشاء کے بعد اکیس مرتبہ سورہ کوثر اس طرح سے پڑھنے کا معمول بنالے کہ اوّل و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں بہت برکت پیدا ہوگی۔

وسعت رزق

حلال رزق میں اضافے کے لئے سورہ کوثر کا یہ عمل مخفی اور نایاب عمل ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ نماز عشاء کے بعد تنہائی میں بیٹھ کر پہلے گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے۔ اس کے بعد گیارہ مرتبہ استغفار پڑھے پھر ایک مرتبہ مزید درود سلام پڑھے۔ اس کے بعد ایک مرتبہ سورہ فاتحہ مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے۔ پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ ایک سو مرتبہ سورہ کوثر پڑھے پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ ایک مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔

اسی ترتیب سے اکتالیس مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ اس عمل کی مداومت کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ پھر کشائش رزق کے لئے کوئی اور عمل کرنے کی ضرورت نہیں۔

رزق میں ترقی

رزق حلال میں خیر و برکت کے لئے چاند کے مہینہ کی پہلی جمعرات کو غسل کر کے پاک صاف کپڑے پہنے اور خوشبو لگائے۔

نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد سورہ کوثر اکتالیس مرتبہ اس طرح سے پڑھے کہ اوّل و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے پھر جب نماز عشاء ادا کر لے تو خاموشی سے اٹھے اور باوضو حالت میں بغیر کسی سے کوئی بات چیت کئے اپنے بستر پر لیٹ جائے اور سو جائے نماز فجر کے وقت جب اٹھے تو وضو وغیرہ کرنے کے بعد

ایک مرتبہ سورہ کوثر پڑھے اور پڑھنے تک کسی سے کلام نہ کرے۔اس کے بعد اپنے کاروبار میں مشغول ہو جائے۔

چالیس یوم تک بلاناغہ اسی طرح کرے۔ چالیس یوم کے بعد ہر روز سات مرتبہ سورہ کوثر پڑھنے پر مداومت کرے اور کبھی ناغہ نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کبھی رزق میں کمی نہ ہوگی۔

افلاس کا خاتمہ

جو کوئی غربت وافلاس میں مبتلا ہو اور چاہتا ہو کہ اس کے مالی حالات اچھے ہو جائیں تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ یہ آیۃ مبارکہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ط اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ. (سورۃ بقرہ ۲ آیت۔۱۲۷)

اپنے مقصد میں کامیابی کی دعا مانگے علاوہ ازیں مندرجہ ذیل نقش مبارکہ عرق گلاب وزعفران سے لکھے یہ نقش مبارک اسم حسنٰی رب کا ہے۔

۷۸۶

۶۶	۷۲	۶۴
۶۵	۶۷	۷۰
۷۱	۶۳	۶۸

لکھنے کے بعد یہ نقش اپنے پاس رکھے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد غربت وافلاس کا خاتمہ ہو جائے گا۔

رزق میں کشادگی

اگر کسی کے رزق میں کمی واقع ہو گئی ہو اچھا بھلا چلتا ہوا کاروبار مندے کا شکار ہو گیا ہو رزق میں فراخی نہ ہوتی ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد قبلہ رُخ بیٹھ کر تین سو

مرتبہ یہ پڑھے۔

اِنَّ اللّٰہَ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ۔ (سورۃ بقرہ ۲ آیت ۔ ۱۱۵)

پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے اپنے رزق میں اضافہ کے لئے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ دعا قبول ہوگی اس کے علاوہ پروردگار عالم کے اسم حسنٰی واسع کا عددی نقش مبارک لکھ کر اپنی دکان یا کاروبار کی جگہ پر دیوار کے اوپر چسپاں کرے۔

۷۸۶

۳۴	۳۷	۴۰	۲۶
۳۹	۲۷	۳۳	۳۸
۲۸	۴۲	۳۵	۳۲
۳۶	۳۱	۲۹	۴۱

روزانہ نماز فجر کے بعد سورۃ البقرہ کی مذکورہ بالا آیۂ مبارکہ کو تین سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لینے سے انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں کشادگی ہوگی اگر ہر نماز کے بعد اسی طرح پڑھنے پر مداومت رکھے تو انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

فراخی رزق کے لئے

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کے رزق میں اضافہ ہو جائے، رزق میں کمی کے باعث تنگدستی کی صورت حال پیدا ہوگئی ہے وہ ختم ہو جائے، اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے رزق فراخ کردے تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو بفضل باری تعالیٰ اس کے رزق میں خوب اضافہ ہوگا، اللہ تعالیٰ پردۂ غیب سے مدد فرمائے گا رزق میں کمی کی شکایت رفع ہو جائے گی اور رزق میں اضافہ کے سبب گھر میں خوشحالی کا دور دورہ ہوگا۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

وَاللّٰہُ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ۔ (سورۃ بقرہ ۔ ۲ آیت ۔ ۲۱۲)

اس کے علاوہ مذکورہ آیت مبارکہ باوضو حالت میں نہایت خوشخطی سے عرق گلاب زعفران یا پھر سیاہ رنگ کی سیاہی سے ایک سفید کاغذ پر لکھے اور کسی گتے پر چسپاں کر کے اپنے کاروبار کی جگہ پر لٹکا دے، انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں فراخی ہوگی اور کاروبار خوب ترقی کرے گا۔

رزق میں اضافہ

رزق میں اضافہ اور خیر و برکت کے لئے ہر نماز کے بعد سورہ فاتحہ پڑھ کر دعا مانگنے سے روزی میں خوب فراوانی ہوتی ہے اس مقصد کے لئے سورہ فاتحہ پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ فجر کی نماز کے بعد چالیس مرتبہ پڑھے۔ نماز ظہر کے بعد تیس مرتبہ نماز عصر کے بعد پندرہ مرتبہ نماز مغرب کے بعد دس مرتبہ اور نماز عشاء کے بعد پانچ مرتبہ پڑھے ہر مرتبہ پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے کہ اللہ تعالیٰ رزق میں خیر و برکت عطاء فرمائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دعا قبولیت کا شرف حاصل کریگی اور روزی میں خوب اضافہ ہوگا۔ اس کے علاوہ ہر روز دکان یا کارخانہ وغیرہ جو بھی روزی کے ذریعہ کا مقام ہے وہاں پر باوضو حالت میں صبح کے وقت تین مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور دکان میں چاروں طرف دیواروں پر اس پانی کو چھڑک دے انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں روز بروز اضافہ ہوگا۔

رزق میں برکت

اگر چلتا ہوا کاروبار اچانک رک گیا ہو جس کی وجہ سے مالی مشکلات پیدا ہو گئی ہوں تو چاند کے مہینے کے پہلے سوموار کو نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر سورہ فاتحہ لکھے اس کے بعد اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں گیارہ مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھے اور لکھے ہوئے کاغذ پر دم کرے اس نقش کو کاروبار کی جگہ پر اونچی جگہ لگا دے یا مالِ تجارت میں رکھ دے روزانہ بلاناغہ سورہ فاتحہ پڑھ کر لکھے ہوئے پر دم کرے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے رزق میں برکت پیدا ہوگی۔ سورہ فاتحہ کی برکت سے کاروبار خوب چمکے

گا۔ اللہ تعالیٰ کاروبار میں خیر و برکت پیدا فرمائے گا۔

رزق میں زیادتی کیلئے

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کے رزق میں زیادتی ہو اللہ تعالیٰ اسے بہت زیادہ رزق عطا فرمائے تو اسے چاہیے کہ وہ ہر روز نماز مغرب کے بعد سات مرتبہ سورۃ فاتحہ اس طرح پڑھے کہ جب اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ وَ نَسْتَعِیْن پر پہنچے تو اس کی سات بار تکرار کرے جب سات مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ چکے تو پھر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی اس کے رزق میں خیر و برکت پیدا ہوگی اور رزق میں زیادتی ہونا شروع ہو جائے گی۔

روزگار کے لئے

اگر کسی کی روزی کا کوئی ذریعہ نہ ہو، کاروبار کیلئے سرمایہ نہ ہو، ملازمت کا حصول ناممکن ہو، کسی بھی طرح روزگار کا کوئی ذریعہ نہ بنتا ہو تو ایسی صورت میں چاہیے کہ چاند کے مہینے میں جب پہلا جمعۃ المبارک آئے تو فجر کی نماز پڑھنے کے بعد اس دن سے اس عمل کو شروع کرے یعنی جمعہ کے دن سے لیکر روزانہ بلاناغہ اکتالیس مرتبہ سورہ فاتحہ معہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے اکتالیس یوم تک پڑھے سورہ فاتحہ پڑھنے کے بعد ایک سو مرتبہ یا رزاق کا ورد کرے پھر اللہ تعالیٰ سے روزگار کے حصول کے لئے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی روزی کے اسباب بہت جلد پیدا ہو جائیں گے اور اسے کوئی اچھا سا روزگار کا ذریعہ نصیب ہو جائے گا۔

روزگار ذریعہ

بے روزگار افراد کے لئے یہ عمل بہت ہی نافع ہے ایسے افراد جو بیروزگاری کے ہاتھوں تنگ آ چکے ہوں کہیں سے کوئی روزگار حاصل نہ ہوتا ہو۔ روزی کی تلاش میں مارے مارے پھرتے ہوں مگر پھر بھی مقصد حل نہ ہوتا ہو تو اس مقصد کے حصول کے لئے سورہ فاتحہ کا یہ عمل نہایت آزمودہ اور فوری اثرات کا حامل ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ چاند کے مہینہ کے

عروج میں فجر کی نماز کے بعد جمعہ کے دن سے شروع کرے اور ہر روز بلاناغہ اکتالیس مرتبہ سورہ فاتحہ اس طرح سے پڑھے کہ اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اسی طرح ہر روز اکتالیس دن تک پڑھے درمیان میں ایک بھی دن کا ناغہ نہ کرے ہر روز جب سورہ فاتحہ اکتالیس مرتبہ پڑھ لیا کرے تو پھر ذیل میں دی ہوئی دعا تیرہ مرتبہ پڑھ کر اپنی حاجت کے حصول کے لئے بارگاہِ ایزدی میں دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ روزی کے اسباب غیب سے مہیا ہو جائیں گے اللہ تعالیٰ سورہ فاتحہ کی برکت سے اچھا روزگار نصیب فرمائے گا پریشانی جاتی رہے گی ماشی اور مالی پریشانی جلد دور ہو جائے گی۔ دعا یہ ہے۔

یَا مُفَتِّحُ فَتِّح یَامُفرِّجُ فَرِّجُ یَا مُسَبِّبُ سَبِّبُ یَا مُیَسِّرُ لِیَسِّرُ

یا مُسْتَهِرُ سَهِّلُ یَا مُتَمِّمُ تَمِّمُ وَ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعمَ الْوَکِیْلُ۔

یقین اور خلوص نیت کے ساتھ ہر روز اس عمل کی برکت سے پردہ غیب سے اللہ تعالیٰ روزی کے اسباب پیدا فرما دیتا ہے۔ اس عمل کی برکت سے بے روزگار افراد بہتر روزگار حاصل کر سکتے ہیں۔

روزگار کے لئے

جو کوئی ہر روز سورہ فاتحہ کا ذیل میں دیا ہوا نقش مبارک باوضو حالت میں لکھے اور تھوڑے سے پانی میں اس کو گھول کر اس پاک پانی سے آٹے کی گولی بنائے اور ہر روز برابر چالیس یوم تم دریا میں ڈال دے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی روزی میں برکت ہو گی اگر وہ بیروزگار ہے تو اس کے لئے غیب سے روزگار کے اسباب پیدا ہوں گے یہی نقش اگر پانی میں گھول کر تین دن مریض کو پلائے تو اسے شفاء حاصل ہو اور اگر زبان بندی کے واسطے کسی میٹھی چیز میں ڈال کر کھلائے تو دشمن کی زبان بندی ہو گی اور وہ دوست بن جائے گا نقش معظم یہ ہے۔

جبرائیل	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم						میکائیل
الحمد للہ	رب العالمین	الرحمٰن	الرحیم	مالک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین	اھدنا الصراط
رب العالمین	الرحمٰن	الرحیم	مالک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین	اھدنا الصراط	المستقیم
الرحمٰن	الرحیم	مالک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین	اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین
الرحیم	مالک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین	اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت
مالک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین	اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیھم
ایاک نعبد	وایاک نستعین	اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیھم	غیر المغضوب
وایاک نستعین	اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیھم	غیر المغضوب	علیھم
اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیھم	غیر المغضوب	علیھم	ولا الضالین
[illegible]							[illegible]

فراخی رزق کیلئے

روزی میں خیر و برکت اور اضافے کے لئے سورہ فاتحہ پڑھنا فوری طور پر فائدہ پہنچاتا ہے اگر کسی کا کاروبار نہ چلتا ہو سخت مندے کا رجحان ہو اور چاہتا ہو کہ اس کا کاروبار دن دوگنی رات چوگنی ترقی کرے تو اس مقصد کے لئے ہر ماہ چاند دیکھ کر چاند رات کو نمازِ مغرب اور نماز عشاء کے درمیانی وقفہ میں باوضو حالت میں قبلہ رو بیٹھ کر اول و آخر درود پاک پڑھے اور ایک ہزار مرتبہ سورہ فاتحہ اور چالیس بار حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَ اٰخِرِنَا وَاٰیَۃً مِّنْکَ وَارْزُقْنَا فَاِنَّکَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ۔ اس کے بعد اکیس مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھے۔

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا۔ (سورۃ طلاق ۶۵ آیت ۲ ـ ۳)

اس کے پڑھنے کے بعد ایک سو مرتبہ یَا قَاضِیَ الْحَاجَات پڑھے جب یہ پڑھ چکے تو ایک سو مرتبہ یَا رَازِقَ الْمُقِلِّیْن پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے بفضلِ باری تعالیٰ دعا قبول ہوگی اور غیب سے روزی کے اسباب پیدا ہوں گے۔ رزق میں برکت ہوگی اور کمی رزق کی شکایت جاتی رہے گی اور سورہ فاتحہ ایک ہزار مرتبہ نہ پڑھ سکے تو پھر ایک سو پچیس مرتبہ پڑھ کر بھی عمل مکمل کر سکتا ہے۔

کاروبار میں برکت

کاروبار میں اضافے اور برکت کے لئے جو کوئی ہر نماز کے بعد بیس مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے کاروبار میں خیر و برکت ہوگی، رزق میں فراخی ہوگی، سورۂ فاتحہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کا رزق وسیع فرمادے گا۔ پردۂ غیب سے اس کے کاروبار میں ترقی کے اسباب پیدا ہوں گے اس کا کاروبار ٹھیک ہو جائے گا۔ رکا ہوا کاروبار چند دنوں کے عمل سے ہی چلنا شروع ہو جائے گا۔ اس مقصد کے لئے وہ اس پر مداومت کرے اور ہر روز بلا ناغہ پڑھے۔ کم از کم اکتالیس یوم تک بلا ناغہ پڑھنا لازم ہے اگر اس کے بعد بھی عمل پر قائم رہ سکے تو بہت بہتر ہے ورنہ جس قدر ممکن ہو سکے ہر نماز کے بعد پڑھنے کی کوشش کرے بفضلِ باری تعالیٰ رزق کی خوب فراوانی ہوگی۔

کشائش رزق

رزق میں خیر و برکت اور کشائش کے لئے ہر روز بلا ناغہ نمازِ فجر کے بعد اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں تین مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے اس کی روزی کے اسباب پیدا ہوں گے اس کو معلوم بھی نہ ہوگا

کہ اس قدر رزق کی فراوانی کیسے ہورہی ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنا خاص فضل وکرم نازل فرمائے گا اور کبھی بھی رزق کی کمی نہ ہوگی۔

مفلسی دور کرنا

جو کوئی مفلسی کا شکار ہو غربت اور تنگدستی کے ہاتھوں سخت پریشان ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ہر روز نمازِ فجر اور نماز عشاء کے بعد اوّل وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں ستر مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اس کی مفلسی دور ہو جائے گی تنگدستی کی جگہ خوش حالی کے اسباب پیدا ہوں گے چند ماہ تک بلاناغہ اس عمل کو جاری رکھے انشاء اللہ تعالیٰ ناامیدی اور مایوسی نہ ہوگی۔ غیب سے اس کی خوش حالی کے سامان پیدا ہوں گے ہر طرح کی پریشانی سے خلاصی ہو جائے گی۔

ملازمت کیلئے

جو کوئی اچھی ملازمت کے حصول کے لئے کوشاں ہو اور چاہتا ہو کہ جلد از جلد اسے ملازمت مل جائے تو اس مقصد کے لئے اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ سورہ فاتحہ اوّل وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور جب ملازمت کے حصول کے لئے درخواست لکھ کر دے تو اس درخواست پر گیارہ مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کرے اور اللہ تعالیٰ سے عاجزی وانکساری کے ساتھ دعا بھی مانگے کہ اللہ تعالیٰ اسے کامیابی نصیب فرمائے انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں میں اسے اچھی جگہ ملازمت مل جائیگی جب تک ملازمت نہ ملے اس عمل کو بلاناغہ جاری رکھے ناامیدی اور مایوسی کا شکار نہ ہو بفضلِ باری تعالیٰ سورہ فاتحہ کی برکت سے اس کی روزی کا مسئلہ دنوں میں ہی حل ہو جائے گا۔

مفلسی ختم ہو

جو کوئی مفلسی کا شکار ہو غربت اور تنگ دستی کے ہاتھوں سخت پریشان ہو تو اسے چاہیے

کہ وہ ہر روز نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد اوّل وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں ستر مرتبہ سورہ کوثر پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔
اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اس کی مفلسی دور ہو جائے گی تنگدستی کی جگہ خوشحالی کے اسباب پیدا ہوں گے۔
چند ماہ تک بلاناغہ اس عمل کو جاری رکھے انشاء اللہ تعالیٰ ناامیدی اور مایوسی نہ ہوگی۔ غیب سے خوش حالی کے سامان پیدا ہوں گے ہر طرح کی پریشانی سے خلاصی ہو جائے گی۔

ملازمت کا حصول

جو کوئی اچھی ملازمت کے حصول کے لئے کوشاں ہو اور چاہتا ہو کہ جلد از جلد اسے ملازمت مل جائے تو اس مقصد کے لئے اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ سورہ کوثر اوّل وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور جب ملازمت کے حصول کے لئے درخواست لکھ کر دے اس درخواست پر گیارہ مرتبہ سورہ کوثر پڑھ کر دم کرے اور اللہ تعالیٰ سے عاجزی وانکساری کے ساتھ دعا بھی مانگے کہ اللہ تعالیٰ اسے کامیابی نصیب فرمائے۔
انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں میں اسے اچھی جگہ ملازمت مل جائے گی جب تک ملازمت نہ ملے اس عمل کو بلاناغہ جاری رکھے ناامیدی اور مایوسی کا شکار نہ ہو بفضل باری تعالیٰ سورہ کوثر کی برکت سے اس کی روزی کا مسئلہ بہت جلد حل ہو جائے گا۔

ملازمت کے لئے

حسب منشاء ملازمت حاصل کرنے کی غرض سے چاند کے مہینہ کے عروج میں پیر یا جمعرات کے دن سے اشراق کے وقت اس طرح سے عمل شروع کرے کہ پہلے گیارہ بار درود پاک پڑھے پھر سات سو مرتبہ سورہ کوثر پڑھے اور گیارہ بار درود پاک پڑھ کر اپنی حاجت کی دعا مانگنے سے پہلے تین بار سورہ مزمل ضرور پڑھے۔

ترقی کاروبار

جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کے کاروبار میں روز افزوں ترقی ہو اور گاہکوں کا ہجوم ہر وقت اس کی دکان پر رہے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ بخش ہے۔

اس کے لئے ہر روز بعد نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد سورہ رحمٰن تین مرتبہ اور درود شریف اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کے حصول کے لئے دعا کرے اور تصور میں اپنی دکان پر چاروں طرف پھونک لگا دے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت اس کے کاروبار میں دن بدن اضافہ ہو جائے گا اور اس کو گاہکوں سے فرصت بھی نہیں ملے گی مگر شرط یہ ہے کہ اس عمل کی مداومت بلا ناغہ روزانہ کرتا رہے۔

فراخی رزق کا خاص عمل

سورہ رحمٰن کا یہ عمل خاص تاثیر کا حامل ہے اور اس خاص اثر والے عمل کی بدولت بہت سے افراد نے بالخصوص تاجر طبقے نے بہت زیادہ فائدہ حاصل کیا ہے۔ اس عمل کے کرنے سے وافر مقدار میں رزق حاصل ہوتا ہے اور رزق میں کبھی کمی نہیں آتی ہے۔ بزرگان کا بھی آزمودہ نسخہ ہے۔ اس کے لئے لازم ہے کہ اس سورہ کو زبانی اچھی طرح حفظ کر لیا جائے تاکہ عمل کرنے میں آسانی رہے۔ طریق عمل یہ ہے کہ ہر روز جب سورج بلند ہو کر ایک نیزے پر آ جائے یعنی تپش اچھی طرح دینے لگے اور اس کی دھوپ ہر طرف پھیل جائے تو تب شروع کریں۔ کیونکہ یہ عمل اتنی ہی تیزی سے اپنا اثر دکھائے گا جتنی تیزی سے سورج بلند ہوتا جائے گا کیونکہ سورج کے اندر موجود ریڈیم کی لہریں جس طرح دنیا پر اثر انداز ہوتی ہیں اسی طرح اس کے اندر موجود اللہ کے خاص نور کی لہریں اپنا عمل شروع کر دیتی ہیں اور جس دن بادل چھائے ہوئے ہوں اس دن اثر کم ہو جاتا ہے۔ اس لئے اس کو شروع کرنے سے پہلے اس دن کا انتخاب کریں جب بادلوں کا امکان بالکل نہ ہو۔

جب سورج ایک نیزہ بلند ہو جائے اور اس کی کرنیں اچھی طرح پھیل جائیں تو سورج

کے سامنے باوضو حالت میں منہ کر کے سورہ رحمٰن کو پڑھنا شروع کریں۔ جب آیت مبارکہ فَبِاَیِّ آلَاءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰن پر پہنچیں تو دائیں ہاتھ کی انگشت شہادت سے سورج کی طرف ایک اشارہ کریں اس طرح ہر مرتبہ آیت فبای الا ربکماتکذبن پر دائیں ہاتھ کی انگشت شہادت سے سورج کی طرف اشارہ کرتا جائے یہاں تک کہ سورہ رحمٰن ختم ہو جائے۔ یہ عمل زیادہ سے زیادہ پانچ منٹ میں ختم ہو جاتا ہے۔ سات یوم تک اس عمل کے کرنے سے مخلوق خدا کی آمد شروع ہو جاتی ہے۔ مگر اس عمل کی زکوٰۃ یہ ہے کہ اس دوران کسی کی طرف بھی اپنا التفات ظاہر نہ کرے اور ہر ایک گاہک سے خوش اسلوبی سے پیش آئے پھر اس کو بلاناغہ روز کرتے ہوئے چالیس یوم میں اس کا ایک چلہ پورا کرے اس چلہ سے کاروبار میں بے حد ترقی ہو جائے گی۔ عام گاہکوں کا ہجوم لگ جائے گا۔ اس کے بعد دوسرا چلہ شروع کرے اس چلہ کے دوران امراء کا ہجوم بھی دکان پر شروع ہو جائے گا۔ پھر تیسرا مرحلہ کرے۔ اس چلے کے دوران حکام اور سرکاری عہدے داروں کا بھی ہجوم شروع ہو جائے گا اور خریدار گاہکوں کی تعداد بے پناہ بڑھ جائے گی روزگار کے مواقع وسیع تر ہوں گے اور ہر فرد اس کے حکم کی تعمیل کرے گا اور اس کا کوئی بھی کام رکا نہیں رہے گا۔

وسعت رزق

جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کے رزق میں بے پناہ اضافہ ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لئے روزانہ صبح و رات کو بعد از نماز فجر اور نماز عشاء تین بار سورہ رحمٰن اور سات بار سورہ مزمل اور اوّل و آخر درود شریف تاج سات سات مرتبہ پڑھ کر اللہ رب العزت کی بارگاہ میں اپنے مقصد کے لئے دعا مانگا کرے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت اس کے رزق میں بے پناہ اضافہ ہو جائے گا اور کبھی بھی کمی نہیں آئے گی۔

حصول روزگار

اگر کوئی بیروزگار ہو اور کوئی ذریعہ حصول ملازمت کا نظر نہ آتا ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد کارآمد ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر نماز کے بعد سورہ رحمٰن کی آیت مبارکہ یَسْئَلُہٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ کُلَّ یَوْمٍ ھُوَ فِیْ شَاْنٍ تک پانچ سو مرتبہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ رب العزت سے اپنے مقصد کے لئے دعا مانگے۔

انشاء اللہ چالیس یوم تک بلاناغہ اس عمل کی برکت سے حسب منشاء ملازمت مل جائے گی اور تمام پریشانی دور ہو جائے گی۔

وسعت رزق کے لئے

وسعت رزق کے لئے ذیل کا عمل انتہائی نفع بخش ہے۔

اس مقصد کے لئے نماز تہجد کے وقت اٹھ کر غسل کرے۔ وضو کر کے پاک صاف لباس پہن کر خوشبو لگائے پھر بعد از نماز تہجد سورہ رحمٰن کی آیت مبارکہ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ سات سو مرتبہ اوّل و آخر اکتالیس اکتالیس بار درود شریف پڑھ کر اللہ رب العزت سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت اس کے رزق میں اضافہ ذات باری تعالیٰ فرمادیں گے اور کبھی بھی کمی نہ آئے گی۔ اس عمل کو چالیس یوم تک بلاناغہ کرنا ہے۔

غربت دور کرنے کا عمل

جو شخص انتہائی غربت اور کسمپرسی کی زندگی گزار رہا ہو اور اسے کوئی راہ نجات نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ سورہ رحمٰن۔ ایک مرتبہ سورہ مزمل اور تین

مرتبہ ذیل کی دعا پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے۔ پھر رات کو سونے سے قبل تین مرتبہ سورہ رحمٰن۔ تین مرتبہ سورہ مزمل اور سات مرتبہ ذیل کی دعا پڑھ کر اللہ کے حضور عاجزی وانکساری سے گڑگڑا کر اپنے مقصد کے حصول کے لئے دعا مانگے انشاءاللہ چالیس یوم کے بلاناغہ عمل سے خزانہ غیب سے غربت کی دوری اور معاشی تنگی کا بندوبست ہوجائے گا اور اس عمل کی بلاتعین مدت کی مداومت سے غربت، امارت میں بدل جائے گی اور زندگی کی ساری کلفتیں دور ہوجائیں گی۔ دعا یہ ہے۔

يَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ هِیَ لَنَا سکالا نَسْتَطِيعَ لَا طَلَبَ اَو يَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ افْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ وَ اَبْوَابَ فَضْلِکَ وَ اَبْوَابَ مَغْفِرَتِکَ وَ اَبْوَابَ عِنَایَتِکَ یَا ذُو الْجَلَالِ وَالْاِکْرَام۔

مالی پریشانی کا حل

اگر کسی بھی وجہ سے حد سے زیادہ مالی پریشانی میں مبتلا ہوگیا ہو اور نجات کی صورت نظر نہ آتی ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل بے حد اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز عشاء اور نماز فجر اوّل وآخر درود شریف تاج سات سات مرتبہ پڑھے درمیان میں سورہ رحمٰن گیارہ بار اور آیت مبارکہ فبای آلاء ربکما تکذبن ایک سو گیارہ بار اور سورہ مزمل شریف سات مرتبہ پڑھ کر ذیل کی دعا کثرت سے پڑھا کرے۔ صبح کو یہ عمل طلوع آفتاب تک جاری رکھے اور پھر اللہ رب العزت سے دعا مانگے۔ رات کو سجدے میں گڑگڑا کر عاجزی وانکساری سے اپنے مقصد کے لئے دعا مانگے۔

انشاءاللہ چند یوم کے عمل سے اپنے مقصد میں مکمل کامیاب ہوگا۔ تا حصول مقصد اس عمل کو خلوص نیت سے دل میں رکھے دعا یہ ہے۔

یَا اَاللّٰہُ یَارَزَّاقُ بحق لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰه۔

استجاب رزق

جو شخص ہر وقت مشکلات میں گرفتار رہتا ہو اور اس کی وجہ سے وہ رزق میں بھی بے حد تنگ رہتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر روز رات کو بعد از نماز عشاء چار رکعت نماز نفل اس طریق سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ رحمٰن تین تین مرتبہ پڑھے اور پھر سلام پھیرنے کے بعد اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور دعائے ذیل ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس باقاعدہ عمل سے رزق کی پریشانی سے نجات مل جائے گی۔ اگر نوے روز تک اس عمل کو جاری رکھے تو ہمیشہ کے لئے مشکلات و رزق سے محفوظ و مامون ہو جائے گا دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِّیْ من اَمْرِی فَرْجاً وَّ مَفْرِجاً وَّ ارْزُقْنِی مِنْ حَیْثُ اَحْتَسِبْ وَمِنْ حَیْثُ الَااِحْتَسِبْ۔

درستگی خرید و فروخت

اگر کوئی شخص کسی بھی قسم کی خرید و فروخت میں نفع حاصل کرنے اور نقصان سے بچنے کا خواہشمند ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے تازہ وضو کر کے دو رکعت نماز نفل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورہ رحمٰن پڑھے۔ اس کے بعد نماز سے فارغ ہو کر اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پھر ایک مرتبہ سورہ اخلاص اور ایک مرتبہ معوذتین پڑھ کر سو مرتبہ استغفر اللہ پڑھ کر اپنے دل کی طرف متوجہ ہو اور اس کی آواز پر غور کرے۔ اگر دل سے اس کام کے کرنے کی آواز آئے تو کرے اور نہ کی آواز پر اس کام سے اس وقت رک جائے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت ہر قسم کے نقصان سے بچے گا اور فائدہ حاصل کرے گا۔ بعد میں دوبارہ یہی عمل کر کے پھر استخارہ کر سکتا ہے۔

فراخی رزق

فراخی رزق کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے بوقت چاشت چار رکعت نماز نفل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ رحمٰن تین مرتبہ پڑھے اور پھر بعد از سلام پھیرنے کے سجدہ میں جا کر اسم حسنیٰ یَا وَہَّابُ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ایک سو چار مرتبہ پڑھے۔ ہر مہینے میں سات دن یہ عمل کرنے سے انشاء اللہ ساری عمر رزق میں تنگی و ترشی نہ رہے گی اور وہ فراخی رزق سے زندگی بسر کرے گا۔

روزگار میں ترقی

یہ عمل تجارت و ترقی روزگار کے لئے عجیب تاثیر رکھتا ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ بعد نماز عشاء پانچ سو مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم اور "یامسبب الاسباب" ایسی جگہ کھڑے ہو کر برہنہ سر جہاں سایہ کسی چیز کا سر پر نہ ہو، پڑھے۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے رزق ملے اور پہاڑ کے برابر قرض ہو تو وہ بھی ادا ہو جائے۔

کاروبار کی ترقی

اگر کسی کی دکان یا کاروبار نہ چلتا ہو تو اس کو چاہیے کہ چار کوری سکوری لے جن کو پانی نہ لگا ہو اس پر جمعرات کے دن مشتری کی ساعت میں اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ لکھے اور دکان کے چاروں کونوں میں الٹا کر رکھ دے۔ اس کی برکت سے خوب آمدنی ہو گی۔ بہت مجرب ہے۔

دکان خوب چلے

اگر کسی کی دکان نہ چلتی ہوتو اس کو چاہیے کہ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ کو چار کاغذ کے ٹکڑوں پر لکھ کر اور ان ٹکڑوں کو گتے پر الگ الگ چپکا کر دکان کے چاروں کونوں میں بحفاظت رکھے۔

اس نقش کو پیر کے دن سورج نکلنے کے بعد تیسرے گھنٹہ اور جمعہ کو سورج نکلنے کے بعد پانچویں گھنٹے میں لکھے کہ یہ سب ساعتیں مشتری کی ہوتی ہیں۔ انشاءاللہ خوب آمدنی ہوگی۔

دکان میں برکت

دکان میں خیر و برکت کے حصول کے لئے ہر روز دکان کھولنے کے بعد باوضو حالت میں اوّل تین مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ پڑھیں پھر ۱۰۱ مرتبہ یارزاق کا ورد کرے اس کے بعد تین مرتبہ سورہ یاسین پڑھے اور دکان کے چاروں کونوں میں پھونک مارے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دکان میں خیر و برکت پیدا ہوگی۔

حصول دولت

برائے حصول دولت وغنا اور جاہ و حشم ۹۱ مرتبہ روزانہ بعد نماز فجر اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ پڑھ لیا کرے۔ چند روز میں کچھ سے کچھ ہو جائے گا۔ چاہیے کہ تازندگی ترک نہ کرے اور وقت اور جگہ کی پابندی رکھے۔ بدرجہ مجبوری اگر کہیں جائے تو مصلاّ ضرور ساتھ لے جائے۔

حصول دولت

اگر کوئی شخص ہر صبح تین روز تک نیند سے بیدار ہوکر کسی سے بات کئے بغیر ۹۹ مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ پڑھا کرے تو وہ مالدار ہو جائے گا۔

غربت کا خاتمہ

جو کوئی مفلسی کا شکار ہو، غربت اور تنگ دستی کے ہاتھوں سخت پریشان ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ہر روز نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد اوّل و آخر تین مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں ستر مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس کی مفلسی دور ہو جائے گی۔

تنگدستی سے نجات

مندرجہ بالا عمل سے تنگدستی کی جگہ خوشحالی کے اسباب پیدا ہوں گے۔ چند ماہ تک بلاناغہ اس عمل کو جاری رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ناامیدی اور مایوسی نہ ہوگی۔ غیب سے اس کی خوشحالی کے سامان پیدا ہوں گے ہر طرح کی پریشانی سے خلاصی ہو جائے گی۔

رزق میں برکت

اگر چلتا ہوا کاروبار اچانک رک گیا ہو جس کی وجہ سے مالی مشکلات پیدا ہو گئی ہوں تو چاند کے مہینے کے پہلے سوموار کو نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم ۔ لکھے اس کے بعد اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں گیارہ مرتبہ آیت کریمہ پڑھے اور لکھے ہوئے کاغذ پر دم کرے۔ اس نقش کو کاروبار کی جگہ پر اونچی جگہ لگا دے یا مال تجارت میں رکھ دے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے رزق میں برکت پیدا ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کاروبار میں خیر و برکت پیدا فرمائے گا۔

مفلسی کا خاتمہ

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کی تنگدستی دور ہو جائے اس کی روزی فراخ ہو جائے اس کے

ہاں دولت کی ریل پیل ہو جائے تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد توجہ ویکسوئی کے ساتھ اکیس مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ جو بھی دعا مانگے گا بارگاہ الٰہی میں قبول ہوگی اس کی تنگدستی دور ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ پردہ غیب سے اس کی روزی کے ایسے اسباب پیدا فرمائے گا کہ جس سے اس کی روزی فراخ ہو جائے گی اس کی تنگدستی خوشحالی میں بدل جائے گی۔ یقین کامل اور توجہ ویکسوئی کے ساتھ عمل کو بلا ناغہ جاری رکھے بفضل باری تعالیٰ فیض ہوگا۔

کاروبار میں برکت

کاروبار میں اضافے اور برکت کے لئے جو کوئی ہر نماز کے بعد اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے گا انشاء اللہ تعالیٰ اس کے کاروبار میں خیر و برکت ہوگی، رزق کی فراخی ہوگی، اللہ تعالیٰ اس کا رزق وسیع فرمادے گا پردہ غیب سے اس کے کاروبار میں ترقی کے اسباب پیدا ہوں گے۔ اس کا کاروبار ٹھیک ہو جائے گا۔ رکا ہوا کاروبار چند دنوں کے عمل سے ہی چلنا شروع ہو جائے گا۔

عہدہ میں ترقی

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کے عہدہ میں ترقی ہو جائے یا ایسی صورت حال پیدا ہوگئی ہو کہ حق دار کو اس کا حق نہ مل رہا ہو یعنی جس کی ترقی ہونے کا حق ہے اس کی ترقی نہ ہو رہی ہو اور کسی اور سفارشی شخص کی ترقی ہو رہی ہو جبکہ وہ اس سے جونیئر ہو تو ایسی صورت میں جو شخص حق پر ہے اس کو چاہیے کہ وہ رات کو نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد ایک سو مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ پڑھے۔ ایک سو مرتبہ استغفار پڑھے اوّل گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔ ناغہ نہ کرے، بلا ناغہ اس عمل کو جاری رکھے۔

رزق میں اضافہ

اس مقصد کے لئے کہ وہ اس مذکورہ بالا عمل پر مداومت کرے اور ہر روز بلاناغہ پڑھے۔ کم از کم اکتالیس یوم تک بلاناغہ پڑھنا لازم ہے۔ اگر اس کے بعد بھی عمل پر قائم رہ سکے تو بہت بہتر ہے ورنہ جس قدر ممکن ہو سکے ہر نماز کے بعد پڑھنے کی کوشش کرے۔ بفضل بری تعالیٰ رزق کی خوب فراوانی ہوگی۔

ملازمت کا حصول

جو کوئی اچھی ملازمت کے حصول کے لئے کوشاں ہو اور چاہتا ہو کہ جلد از جلد اسے ملازمت مل جائے تو اس مقصد کے لئے اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور جب ملازمت کے حصول کے لئے درخواست لکھ کر دے تو اس درخواست پر گیارہ مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ پڑھ کر دم کرے اور اللہ تعالیٰ سے عاجزی وانکساری کے ساتھ دعا بھی مانگے۔ اللہ تعالیٰ اسے کامیابی نصیب فرمائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں میں اسے اچھی جگہ پر ملازمت مل جائے گی۔ جب تک ملازمت نہ ملے اس عمل کو بلاناغہ جاری رکھے۔ ناامیدی اور مایوسی کا شکار نہ ہو۔ بفضل باری تعالیٰ اس کی روزی کا مسئلہ دنوں میں حل ہو جائے گا۔

دولت وحشمت کا حصول

اگر کوئی شخص دولت وحشمت کے لئے ہزار مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ روزانہ پڑھے تو اس کو دولت وحشمت حاصل ہوگی۔

وسعت رزق

حصول وسعت رزق کے لئے اتوار کے روز نیک ساعت میں ابتداء کرے اور ہر روز اکتالیس مرتبہ اکتالیس روز تک ایک مقررہ وقت میں اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ پڑھا کرے۔ بہت مجرب اور آزمودہ ہے۔

بلند مرتبہ

اگر کوئی وسیع رزق اور بلند مرتبہ حاصل کرنے کے لئے ہر روز صبح کے وقت اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ ایک سو مرتبہ پڑھے گا تو اس کو مقصد میں کامیابی ہوگی۔

غربت سے نجات

جو کوئی مفلسی کا شکار ہو، غربت اور تنگ دستی کے ہاتھوں سخت پریشان ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ہر روز نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں سات سو مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کلی مفلسی دور ہو جائے گی۔

مندرجہ بالا عمل سے تنگدستی کی جگہ خوشحالی کے اسباب پیدا ہوں گے۔ چند ماہ تک بلاناغہ اس عمل کو جاری رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ناامیدی اور مایوسی نہ ہوگی۔ غیب سے اس کی خوش حالی کے سامان پیدا ہوں گے ہر طرح کی پریشانی سے خلاصی ہو جائے گی۔

رزق میں برکت

اگر چلتا ہوا کاروبار اچانک رک گیا ہو جس کی وجہ سے مالی مشکلات پیدا ہو گئی ہوں تو چاند کے مہینے کے پہلے سوموار کو نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ لکھے اس کے بعد اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔

درمیان میں گیارہ سو مرتبہ آیت کریمہ پڑھے اور لکھے ہوئے کاغذ پر دم کرے۔ اس نقش کو کاروبار کی جگہ پر اونچی جگہ لگادے یا مال تجارت میں رکھ دے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے رزق میں برکت پیدا ہوگی۔ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ کی برکت سے کاروبار خوب چمکے گا۔

دکان خوب چلے

دکان میں خیر و برکت کے حصول کے لئے ہر روز دکان کھولنے کے بعد باوضو حالت میں اوّل گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں پھر ۱۱۲ مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ کا ورد کرے اس کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور دکان کے چاروں کونوں میں پھونک مارے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دکان میں خیر و برکت پیدا ہو جائے گی۔

حصول روزگار

ایسے افراد جو بیروزگاری کے ہاتھوں تنگ آ چکے ہوں کہیں سے کوئی روزگار حاصل نہ ہو پاتا ہو۔ روزی کی تلاش میں مارے مارے پھرتے ہوں پھر بھی مقصد حل نہ ہوتا ہو تو اس مقصد کے حصول کے لئے اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ کا یہ عمل نہایت آزمودہ اور فوری اثرات کا حامل ہے۔

اس کا طریقہ یہ ہے کہ چاند کے مہینہ کے عروج میں فجر کی نماز کے بعد جمعہ کے دن سے شروع کرے اور ہر روز بلاناغہ اکتالیس مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم اس طرح سے پڑھے کہ اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف ناغہ نہ کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ روزی کے اسباب غیب سے مہیا ہو جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ کی برکت سے اچھا روزگار نصیب فرمائے گا۔ پریشانی جاتی رہے گی معاشی اور مالی پریشانی جلد دور ہو جائے گا۔

دکان کی ترقی

اگر کسی کا کاروبار خراب ہو رہا ہو تو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو کسی بھی ماہ کے زائد النور چاند کے حصہ میں بدھ کے دن سورج نکلنے کے بعد لکھے اور دکان میں چسپاں کردے اور دوسرا نقش لکھ کر پانی میں گھول کر اس پانی کو دکان کی تمام چیزوں پر چھڑک دے۔

طلب رزق

اگر طلب رزق کی ضرورت ہو تو روزانہ ۷۸۶ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور تین بار سورہ واقعہ پڑھ کر ایک بار ننانوے اسمائے باری تعالیٰ پڑھے اور دعا مانگے تو چند دنوں میں حالت بدل جائے گی۔

دست غیب

وہاں سے رزق ملے کہ جہاں سے وہم وگمان میں بھی نہ ہو۔ اوّل ایک مرتبہ درود ابراہیمی اور بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ ۶۶۲ بار پڑھے۔ بعد ازاں آیۃ کریمہ ایک ہزار ایک بار پڑھے۔ پھر ایک بار درود ابراہیمی پڑھے۔ اسی طرح چالیس یوم وقت مقررہ پر پڑھے، خواہ صبح ہو یا شام مگر بعد نماز عشاء بہتر ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا اثر پانچویں چھٹے دن سے ہی ظاہر ہو جائے گا کہ غیب سے ایک چیز پہنچے گی مگر لانے والے سے کسی قسم کی مزاحمت نہ کرے نہ دریافت کرے کہ تم کون ہو اور یہ کیا چیز ہے۔ بس خاموشی سے وہ چیز لے کر حفاظت سے رکھ لے۔ جب چالیس دن کی مدت ختم ہو تو چاہئے کہ ہر روز بعد نماز فجر اوّل وآخر درود شریف اور دس بار آیۃ کریمہ پڑھتا رہے تاکہ عمل قائم رہے۔ اگر ہر نماز کے بعد ممکن نہ ہو تو صرف بعد نماز فجر ہی پڑھ لیا کرے اور چاہئے کہ یہ عمل در برج ثابت وعروج ماہ میں کرے۔

دولت مند ہونا

اوّل غسل کرے اور پھر تازہ وضو کر کے دو رکعت نماز نفل انکساری ادا کرے پھر ۷۸۶ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اور سو مرتبہ یا لطیفُ یا طاطائیلُ پڑھے۔ اس کے بعد یہ کلمات کہے۔ یالطیف الطفی یالطیف۔

اور پڑھتے وقت آسمان پر نظر رہے۔ یہ عبارت باوضو لکھ کر اپنے سامنے رکھ کر چند روز مداومت کرنے سے تمام مرادات دلی حاصل ہوں گی۔ یہ عمل نہایت آسان ہے۔ چاہئے کہ ہمیشہ پابندی کرے۔ انشاء اللہ بہت جلد غنی ہوگا۔

عمل دست غیب

سات روزے رکھے، جھوٹ نہ بولے اور ہر شب بعد عشاء پہلے بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ ایک ہزار بار پڑھے۔ اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے پھر "یاحَیُّ" ہزار بار اور "یاقَیُّوْمُ" ایک سو پچاس بار پڑھے۔ سات دن بعد ایک جن آئے گا۔ اس سے پانچ درہم لے اور جیب میں رکھے۔ خوب خرچ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کبھی ختم نہ ہوں گے۔

حصول روزگار

بے روزگار افراد کے لئے یہ عمل بہت ہی نافع ہے۔ ایسے افراد جو بیروزگاری کے ہاتھوں تنگ آ چکے ہوں کہیں سے کوئی روزگار حاصل نہ ہوتا ہو۔ روزی کی تلاش میں مارے مارے پھرتے ہوں مگر پھر بھی مقصد حل نہ ہوتا ہو تو اس مقصد کے حصول کے لئے بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ کا یہ عمل نہایت آزمودہ اور فوری اثرات کا حامل ہے۔

اس کا طریقہ یہ ہے کہ چاند کے مہینہ کے عروج میں فجر کی نماز کے بعد جمعہ کے دن شروع کرے اور ہر روز بلاناغہ سات سو اکتالیس مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اس طرح سے پڑھے کہ اوّل وآخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اسی طرح ہر روز اکتالیس دن تک پڑھے درمیان میں ایک بھی دن کا ناغہ نہ کرے۔

ہر روز جب بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ سات سو اکتالیس مرتبہ پڑھ لیا کرے تو پھر اپنی حاجت کے حصول کے لئے بارگاہ ایزدی میں دعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ روزی کے اسباب غیب سے مہیا ہو جائیں گے پریشانی جاتی رہے گی معاشی اور مالی پریشانی جلد دور ہو جائے گی۔

یقین اور خلوص نیت کے ساتھ ہر روز اس عمل کی برکت سے پردہ غیب سے اللہ تعالیٰ روزی کے اسباب پیدا فرما دیتا ہے۔ اس عمل کی برکت سے بے روزگار افراد بہتر روزگار حاصل کر سکتے ہیں۔

فراخی رزق

روزی میں خیر و برکت اور اضافے کے لئے بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پڑھنا فوری طور پر فائدہ پہنچاتا ہے۔

اگر کسی کا کاروبار نہ چلتا ہو سخت مندے کا رجحان ہو اور چاہتا ہو کہ اس کا کاروبار دن دوگنی رات چوگنی ترقی کرے تو اس مقصد کے لئے ہر ماہ چاند دیکھ کر چاند رات کو نماز مغرب اور نماز عشاء کے درمیانی وقفہ میں باوضو حالت میں قبلہ رو بیٹھ کر اوّل وآخر درود پاک پڑھے اور ایک ہزار مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ پڑھے، اس کے بعد اکیس مرتبہ آیت کریمہ پڑھے۔

اس کے بعد ایک سو مرتبہ یا قاضی الحاجات پڑھے جب یہ پڑھ چکے تو ایک سو مرتبہ یا رزاق پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔

بفضل باری تعالیٰ دعا قبول ہوگی اور غیب سے روزی کے اسباب مہیا ہوں گے۔ رزق میں برکت پیدا ہوگی اور کمی رزق کی شکایت جاتی رہے گی۔

دکان کی ترقی

دکان میں خیر و برکت اور روزی میں ضافہ کے لئے بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پڑھنا بہت جلد اپنا اثر دکھاتا ہے جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کے کاروبار میں ترقی ہو کاروبار خوب چلے۔ دکان پر گاہکوں کی آمدورفت لگی رہے تو اسے چاہیے کہ جب دکان کھولے تو پہلے تین مرتبہ درود پاک پڑھے اس کے بعد بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دکان کے چاروں کونوں میں دم کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دکان میں خوب برکت پیدا ہوگی اور وافر مقدار میں روزی نصیب ہوگی۔

عمل خیر و برکت

خیر و برکت کے خواہاں افراد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے اوّل و آخر درود شریف اکیس اکیس مرتبہ اور ۷۸۶ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگا کریں۔ روزانہ کے اس عمل کی بدولت ہمہ وقت فراوانی اور خیر و برکت رزق میں رہے گی اور تنگ دستی نہیں آئے گی۔

کشائش رزق

کشائش رزق کے خواہاں افراد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بعد از نماز فجر بسم اللہ شریف سات سو مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگنے کا اپنا معمول بنالیں۔ اس عمل کی بدولت کبھی بھی رزق میں کمی نہ آئے گی اور نہ ہی تنگ دستی کا شکار ہوں گے۔

حصول دولت ورزق

دولت ورزق کے حصول کے خواہاں پریشان حال لوگوں کے لئے بہترین عمل ہے۔

اس مقصد کے لئے رات کو دو رکعت نماز نفل اس طریق سے ادا کریں کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ واقعہ تین تین مرتبہ پڑھ کر سلام پھیریں۔ پھر جنوب کے طرف کر کے رخ اسی جگہ کھڑے ہو کر بسم اللہ شریف کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگیں۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت پریشانی پردہ غیب سے دور ہو جائے گی اور رزق کی سبیل پیدا ہو جائے گی۔ نہایت کارگر عمل ہے۔

تلاش معاش

تلاش معاش کے لئے ذیل کا عمل نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد نماز فجر اور رات کو بعد نماز عشاء درود شریف تاج مع بسم اللہ شریف ایک سو ایک مرتبہ پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت تین تا گیارہ روز کے اندر اندر معاش کا بندوبست پردہ غیب سے بفضل باری تعالیٰ ہو جائے گا۔

حصول ملازمت

حصول ملازمت کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ رات کو جنوب کی طرف کھڑے ہو کر درود شریف تاج ایک سو ایک مرتبہ مع بسم اللہ شریف پڑھ کر اللہ کے حضور خشوع و خضوع سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ اکتالیس یوم کے بلاناغہ عمل سے ملازمت مل جائے گی۔ نافع عمل ہے۔

تجارت وترقی روزگار ووسعتِ رزق

(۱) عمل یامسبب الاسباب :

یہ عمل تجارت وترقی روزگار کے لئے عجیب تاثیر رکھتا ہے۔ ترکیب اس کی یہ ہے کہ بعد نمازعشاء ۵۰۰ مرتبہ ایسی جگہ کھڑے ہوکر برہنہ سر کہ سایہ کسی چیز کا سر پر نہ ہو "یا مُسبّب الاَسْباب" پڑھے اوّل وآخر ۱۱ بار درود شریف پڑھے انشاءاللہ غیب سے رزق ملے پہاڑ کے برابر بھی اگر قرضہ ہوانشاءاللہ جلد ادا ہوجائے۔

(۲) عمل یاباسِطُ :

عروج ماہ میں شروع کرے اور ہرروز بعد نماز عشاء مع درود شریف اوّل وآخر ۱۱۔۱۱ بار ۲۷ مرتبہ "یا باسِطُ الّذی یبسُطُ الرِّزْقُ لِمَنْ ایَشاءُ بغیرِ حِساب۔" پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ کبھی کسی کا دست نگر نہ ہو۔ غیب سے رزق ملے گا۔

(۳) عمل یا لطیفُ :

بعد نماز عشاء وتر سے قبل دو رکعت نفل پڑھے بعدہٗ "یَـا لطیفُ" ۱۲۹ بار اوّل وآخر درود شریف ۱۱۔۱۱ بار پڑھے اور اپنے ہاتھوں پر دم کرکے سینے پر گردن کے نزدیک دائیں بائیں ہاتھ پھیرلیا کرے۔

نوٹ : فراخی رزق کے لئے یہ تینوں عمل مجربات سے ہیں۔ جو چاہے کرلے۔

ترقی رزق

جس شخص کا روزگار نہ ہو یا ملازمت یا ذریعہ معاش نہ ہو تو یہ عمل اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ صبح نماز کے بعد یا بعد نمازِ عشاء پڑھا جائے گا۔ تعداد ایک سوایک مرتبہ اوّل آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار چالیس روز پورے نہ ہوں گے کہ انشاءاللہ غیب سے کوئی سامان ملازمت یا کوئی ذریعہ معاش ظہور میں آجائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم۔ يَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ يَا مُفَتِّح

الْاَبْوَابِ وَیَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَیَا خَالِقَ الْاَبْصَارِ وَیَادَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ اَرْشِدْ نِیْ وَیَاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ تَوَکَّلْتُ عَلَیْکَ یَا رَبِّ اَفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَیْکَ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنَ۔

ترقی رزق

بعد نماز فجر یا بعد نماز عشاء کے اوّل اسم یَا لَطِیْفُ ۱۲۹ بار پڑھ کر معہ تسمیہ (یعنی بسم اللہ) کے ساتھ اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ ۔ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ط ستر بار پڑھے بعدہ اس دعا کرے۔ اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ضرور پڑھنا ہے۔
اس عمل کو نوچندی جمعرات سے شروع کرنا چاہئے عروج ماہ (شروع مہینہ) میں۔

ترقی رزق

بعد نماز فجر آسمان کے نیچے ایک سوایک بار پڑھے۔ اوّل آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے۔

یَابَدِیْعَ الْعَجَآئِبِ بِالْخَیْرِ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۔ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا حَفِیْظُ یَا رَزَّاقُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ اَنْوَاعِ الرِّزْقِ وَالْفُتُوْحَاتِ۔

ترقی رزق

بعد نماز صبح سات مرتبہ پڑھا جائے گا بلاناغہ

یَا اَللّٰہُ۔ یَا سَمِیْعُ ۔ یَا عَلِیْمُ یَا سَرِیْعَ الْحِسَابِ ۔ یَاوَاسِعُ یَاعَدْلُ یَاعَلِیُّ یَا عَظِیْمُ ۔ یَامُتَعَالُ یَاعَزِیْزُ۔ یَاغَفُوْرُ۔ یَابَاعِثُ۔ یَافَعَّالُ لِمَایُرِیْدُ یَارَافِعُ ۔ یَامُعِیْدُ۔ یَامَانِعُ۔ یَانَافِعُ ۔ یَابَدِیْعُ مجرب ہے۔

ترقی رزق

نماز جمعہ کے بعد اوّل آخر ۳۔۳ بار درود شریف پڑھ کر یہ دعا ۷۰ بار پڑھے۔ ایک جمعہ سے دوسرا جمعہ نہ ہونے پائیگا کہ اللہ تعالیٰ اس کو تونگر بنا دے گا۔ مگر شرط یہ ہے کہ سلام کے بعد اسی طریقہ سے بیٹھا رہے اور کوئی پہلو نہ بدلے نہ کسی طرف دیکھے ورنہ عمل کی تاثیر ضائع ہو جائے گی مجرب ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔ اَلۡمُعۡطِیۡ ھُوَ اللّٰہُ ط

ترقی رزق

نوچندی جمعرات کو لکھ کر لوبان کی دھونی دیکر عطر لگا کر بازو پر باندھے۔ نقش یہ ہے۔

محتاجی دور ہو

اگر کوئی چاہے کہ محتاجی دور ہو جائے اور وہ غنی ہو جائے تو اس اسم یا وَھَّابُ کو ہر روز چالیس روز تک برابر چار ہزار چار سو چوالیس بار پڑھے۔ خدا کے فضل سے ایک ہی ہفتہ میں رزق میں ترقی ہو جائے گی۔ یہ دعا حضرت سلیمان علیہ السلام کی ہے اوّل آخر دس دس بار درود شریف پڑھے بہت مالدار ہو جائے گا اور پڑھنے کے وقت موکل کو قسم دیدے اور اوّل و آخر اس روش کو شروع کرے۔

وَاَقسَمتُ عَلَیکُم یارفتمائیلُ وَاَغنِیُ عَلَیکُم بِحَقِ یاوَھَّابُ

ترقی رزق

جو شخص فجر یا عشاء کی نماز کے بعد یَـا لَطِیفُ کو ۱۲۹ مرتبہ پڑھے پھر ۱۲۹ مرتبہ یہ آیت کریمہ اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّۃِ الْمَتِیْنُ۔ (سورۃ ذاریات ۵۱ آیت ۵۸)

پڑھے اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف انشاء اللہ غیب سے رزق کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

ترقی رزق

سُبحَانَ اللّٰہِ مَلاءَ الْمِیْزَانِ وَمُنْتَھِیَ الْعِلْمِ وَمَبْلَغِ الرِّضَاعَۃَ دَزِنَۃِ الْعَرْشِ۔

جو شخص چاہے میری عمر زیادہ ہو جائے اور دشمنوں پر فتح پائے اور رزق میں ترقی ہو اور عذاب دور ہو جائے پس صبح و شام یہ دعا تین مرتبہ پڑھے۔

ترقی رزق

جو شخص اس کو پڑھے گا اس کو ہر کام میں ترقی ہوگی۔ دشمنوں پر غالب رہے گا وہ یہ ہے۔

یَارَحِیْمُ کُلِّ صَرِیْخٍ وَّمَکْرُوْبٍ غِیَاثُہٗ وَمُعَاذُہٗ یَا رَحِیْمُ۔

اس عمل کو چاند کی صرف پہلی تاریخ کی صبح کو ۳۰۰ مرتبہ پڑھے اور دوسری تاریخ سے ۲۹ تاریخ تک صبح کو ۳۶۰ مرتبہ پڑھے اور اگر ۲۹ تاریخ کو چاند ہو جائے تو پھر پہلی تاریخ کی صبح کو ۳۰۰ مرتبہ پڑھے اور اگر ۲۹ تاریخ کو چاند نہ ہو تو ۳۰ تاریخ کو بھی ۳۶۰ مرتبہ پڑھے اور پھر پہلی تاریخ کی صبح کو ۳۰۰ مرتبہ پڑھے۔ یہ عمل مجرب ہے۔ اوّل و آخر دس دس بار درود شریف پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْقَاھِرِیْنَ عَلٰی اَعْدَآءِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔

اوّل یہ درود شریف دس مرتبہ پڑھ کر دس مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے اور یہ عمل شروع کرے آخر میں صرف یہی درود شریف پڑھ کر ختم کر دیا جائے بسم اللہ نہ پڑھے۔

کشائش رزق

اَللّٰھُمَّ یَجْمَعُ بَیْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ یَفْتَحُ بَیْنَنَا بِالْحَقِّ وَھُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِیْمُ قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ ط اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط تُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّھَارِ وَ تُوْلِجُ النَّھَارِ وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَتَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ۔

اس کو دس مرتبہ پڑھے اس کے بعد پھر اس دعا کو تین مرتبہ اس طرح پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ فَارِجَ الْھَمِّ کَاشِفَ الْغَمِّ مُجِیْبَ دَعْوَۃَ الْمُضْطَرِیْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَرَحِیْمَھَا اَنْتَ تَرْحَمُنِیْ فَارْحَمْنِیْ بِرَحْمَتِہٖ تُغْنِیْنِیْ بِھَا عَنْ رَّحْمَۃِ مَنْ سِوَاکَ اَللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِکَ الْخَیْرِ ط اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر۔ رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ تُعْطِیْھِمَا مَنْ تَشَآءُ وَ تَمْنَعُھُمَا مِمَّنْ تَشَآءُ اِرْحَمْنِیْ رَحْمَۃً تُغْنِیْنِیْ بِھَا عَنْ رَّحْمَۃِ مَنْ سِوَاکَ۔

عشاء کے فرض ادا کرنے کے بعد دو رکعت سنت پڑھ کر اس عمل کو شروع کرے عمل ختم کر کے پھر وتر ادا کرے۔ (یعنی سنت اور وتر کے درمیان یہ عمل پڑھا جائے گا)

Qureshi R.W

حصول رزق

فراخی رزق اور ترقی درجات کے لئے ایک ہزار مرتبہ اس آیت شریف کو روزانہ پڑھنا نہایت مجرب عمل ہے۔

وَفِی السَّمَآءِ رِزْقُکُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّہٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّکُمْ تَنْطِقُوْنَ۔ (سورۃ ذاریات ۵۱ آیت۔ ۲۲ سے ۲۳)

یہ عمل ہمیشہ کیا جائے نہایت مجرب ہے۔

رزق میں ترقی

یہ عمل ترقی رزق کے لئے مجرب ہے۔ فجر کی نماز کے بعد ۴۵ مرتبہ روزانہ پڑھے۔ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ وَھُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ۔ (سورۃ حدید ۵۷ آیت۔ ۳)

ترقی رزق

بعد نماز فجر سو بار اَللّٰہُ الصَّمَدُ (سورۃ اخلاص ۱۱۲ آیت ۲)

اوّل و آخر درود شریف ۱۱، ۱۱ بار پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا رزق زیادہ ہوگا اور قرض بھی ادا ہو جائے گا۔

رزق میں فراوانی

جو شخص بعد نماز فجر سو بار لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ پڑھے گا تو اللہ پاک اس کے رزق میں ترقی عطاء فرمائے گا۔

کشائش رزق

صبح بعد نماز فجر تین بار اور شام بعد نماز مغرب تین بار پڑھے گا تو انشاء اللہ اس کے

رزق میں کشائش ہوگی۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم ۔ اَللّٰھُمَّ اغۡفِرۡلِیۡ ذُنُوۡبِیۡ وَوَسِّعۡ عَلَیَّ رِزۡقِیۡ وَاقۡدِرۡنِیۡ عَلٰی کَسۡبِہٖ وَمَتِّعۡنِیۡ بِمَا رَزَقۡتَنِیۡ فَلَا تَشۡغَلۡنِیۡ فِیۡمَا صَرَّفۡتَہٗ عَنِّیۡ یَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ۔ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ ط

رزق میں کشادگی

بعد نماز جمعہ سو بار اس دعا کو پڑھے تو انشاء اللہ رزق میں ترقی ہوگی اور اگر روزانہ سو بار پڑھتا رہے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ مخلوق سے بے پرواہ رہے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ یَا غَنِیُّ یَا حَمِیۡدُ یَا مُبۡدِئُ یَامُعِیۡدُ یَارَحِیۡمُ یَاوَدُوۡدُ اَللّٰھُمَّ اکۡفِنِیۡ بِحَلَالِکَ عَنۡ حَرَمِکَ وَبِطَاعَتِکَ عَنۡ مَّعۡصِیَتِکَ وَاغۡنِنِیۡ بِفَضۡلِکَ عَنۡ مَّنۡ سِوَاکَ بِرَحۡمَتِکَ یَااَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ۔

فتوحات یعنی ترقی رزق

تین مرتبہ بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب تین مرتبہ جو اس کو پڑھے گا، تو انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے روزی ملے گی وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ بِاسۡمِکَ اِبۡتَدَیۡتُ وَبِکَرَمِکَ اِقۡتَدَیۡتُ وَ بِنُوۡرِ قُدۡسِکَ اھۡتَدَیۡتُ وَبِفَضۡلِکَ اَسۡتَغِیۡثُ وَ اَسۡتَغۡفِرُکَ وَاَتُوۡبُ اِلَیۡکَ۔

ترقی رزق (عمل یٰسٓ شریف)

جو اس کو روزانہ پڑھے گا تو حق تعالیٰ اس کے رزق میں اور کاروبار میں دوگنی چوگنی

ترقی فرمائے گا مگر خلوص شرط ہے بعد نماز مغرب آٹھ رکعتیں بہ نیت صلوٰۃ الاوابین پڑھے اور ہر رکعت میں جو طریقہ بیان کیا جاتا ہے اس کے موافق عمل کیا جائے وہ یہ ہے۔

پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد یٰسٓ ۔ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ سے لے کر فَبَشِّرْہُ بِمَغْفِرَۃٍ وَّاَجْرٍ کَرِیْمٍ ۔ دوسری رکعت میں اِنَّا نَحْنُ نُحْیِ الْمَوْتٰی سے وَھُمْ مُّھْتَدُوْنَ تک ۔ تیسری رکعت میں وَمَالِیَ لَآ اَعْبُدُ سے جَمِیْعٌ لَّدَیْنَا مُحْضَرُوْنَ ۔ تک چوتھی رکعت میں وَمَالِیَ لَآ اَعْبُدُ سے جَمِیْعٌ لَّدَیْنَا مُحْضَرُوْنَ ۔ تک چوتھی رکعت میں وَاٰیَۃٌ لَّھُمُ الْاَرْضُ الْمَیْتَۃُ سے وَکُلٌّ فِیْ فَلَکٍ یَّسْبَحُوْنَ تک پانچویں رکعت میں وَاٰیَۃٌ لَّھُمْ اَنَّا حَمَلْنَا سے وَلَآ اِلٰٓی اَھْلِھِمْ یَرْجِعُوْنَ ۔ وَنُفِخَ فِی الصُّوْرِ سے ھٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ ط تک ساتویں رکعت میں وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْکُمْ سے لَھَا مَالِکُوْنَ ۔ تک آٹھویں رکعت میں وَذَلَّلْنٰھَا سے کُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ ۔ تک مذکورہ بالا عمل کو دو دو رکعتوں کی نیت کرے اور پوری آٹھ رکعتیں اسی طرح پڑھے مجرب ہے۔

ترقی رزق (عمل سورہ مزمل شریف)

سورہ مزمل شریف کا پہلا طریقہ ۔ فجر کی نماز کے بعد سورہ مزمل ایک دفعہ پڑھنے کا ورد رکھے اور ان چار آیتوں کو تین تین دفعہ پڑھا کرے (اوّل) رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَاتَّخِذْہُ وَکِیْلًا (دوم) وَاللّٰہُ یُقَدِّرُ الَّیْلَ وَالنَّھَارَ (سوم) یَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰہِ (چہارم) وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰہَ ط اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۔ جب تمام ہو تو جو حاجت چاہے بر آئے۔

سورہ مزمل شریف کا دوسرا طریقہ ۔ جس وقت اس سورہ مبارکہ کو کسی مہم اور کسی حاجت کے لئے پڑھے تو اس ترکیب سے پڑھے کہ پڑھتے پڑھتے رَبُّ الْمَشْرِقِ سے وَکِیْلًا تک پڑھ کر حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ سو مرتبہ پڑھے اور جب وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰہَ ط

اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۔ پر پہنچے تو اسی پورے جملہ کی سو مرتبہ تکرار کرے۔ اس ترکیب سے ۳ مرتبہ اس سورۂ مبارکہ کو پڑھے اس کے بعد یَا مُغْنِیُ یَا مُعْطِیُ کو گیارہ سو مرتبہ پڑھے۔ اوّل و آخر یہ درود شریف پڑھے اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْد ۔ گیارہ گیارہ مرتبہ اس درود شریف کو پڑھنا چاہئے۔ جب پڑھ کر فارغ ہو جائے تو سجدہ میں جا کر اپنے مقصد اللہ تعالیٰ سے طلب کرے اور اگر کسی کو اپنی طرف متوجہ کرنا ہو تو سجدہ میں دعا کرتے وقت اس طرف دعا مانگے۔ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبَہٗ اِلَیَّ یعنی فلاں بن فلاں مِنْ رَّحْمَتِکَ وَفَضْلِکَ۔ (فلاں بن فلاں کی جگہ مطلوب کی ماں کا نام لے)

سورۂ مزمل شریف کا تیسرا طریقہ:۔ فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان میں ایک مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھے اور جب فرض ادا کر چکے تو دو مرتبہ اور پڑھے۔ اسی طرح ہر نماز کے بعد دو مرتبہ پڑھا کرے۔ اس طرح اس کی تعداد کل گیارہ مرتبہ ہوگی۔ اوّل آخر درود شریف تین تین بار یا پانچ پانچ بار یا گیارہ گیارہ بار پڑھے۔ اس کا ورد ہمیشہ رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی پریشانی دور ہوگی اور رزق میں ترقی ہوگی۔ حب کے لئے اسی سورۂ مبارک کو ۴۱ بار پڑھ کر کسی شیرینی پر دم کر کے کھلائے۔ یا کسی اور چیز پر پڑھ کر دم کر کے کھلائے، پلائے انشاء اللہ تعالیٰ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

دکان کی ترقی کیلئے

اگر کسی کی دکان نہ چلتی ہو اور فائدہ کم ہوتا ہو تو اس آیت کو دو کاغذوں پر لکھ کر ایک کاغذ کو گتے پر چسپاں کر کے دکان کے اندر لٹکا دے اور دوسرے کاغذ کو موم جامہ کر کے اپنے گلک کے اندر جس میں وہ روپیہ پیسہ رکھتا ہو۔ یہ خیال رہے کہ اگر ان دونوں میں سے ایک بھی کھو گیا تو اثر زائل ہو جائے گا کیونکہ یہ دونوں لازم و ملزوم ہیں اس لئے دونوں کی بڑی حفاظت رکھے گلک والے تعویذ اور گتے والے تعویذ کی۔ انشاء اللہ تعالیٰ دکان خوب چلے گی

اور خریدار بہت آئیں گے اور اگر کسی دشمن نے بند کرادی یا کردی ہوگی تو کھل جائے گی۔ وہ آیت مبارکہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ هُوَ الَّذِىْ مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِىَ وَاَنْهٰرًا وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِيْهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ يُغْشِى الَّيْلَ النَّهَارَ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ۔ (سورۃ رعد ۱۳ آیت ۳)

دکان کی ترقی

اگر کسی کی دکان نہ چلتی ہو اور فائدہ کم ہوتا ہو تو اس کو چاہئے کہ اس نقش کو سورج نکلنے سے پہلے (یعنی طلوع آفتاب سے پہلے) جمعہ، ہفتہ، پیر یا منگل کو لکھے۔ جمعہ کو سورج نکلنے سے پہلے شمس کی ساعت ہوگی۔ ہفتہ کو سورج نکلنے سے پہلے قمر کی ساعت ہوگی۔ پیر کو سورج نکلنے سے پہلے عطارد کی ساعت ہوگی۔ منگل کو سورج نکلنے سے پہلے مشتری کی ساعت سب سے بہتر ہے اور آئندہ لکھنے والے کو اختیار ہے کہ چاہے جس روز لکھے اور لکھنے کے بعد ایک گتے پر چسپاں کر کے یعنی چپکا کر اس گتے کو دکان میں لٹکا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خوب خرید وفروخت ہوگی مجرب ہے وہ نقش مکرم یہ ہے اور اس نقش کو لٹکاتے کے وقت یہ اہتمام ضروری ہے۔ کہ نقش اس طرح لٹکایا جائے کہ دیکھنے والے یا خریدار کی نظر کے سامنے ہو۔

۷۸۶

۱۲۷	۱۳۰	۱۳۴	۱۲۰
۱۳۳	۱۲۱	۱۲۶	۱۳۱
۱۲۲	۱۳۶	۱۲۸	۱۲۵
۱۲۹	۱۲۴	۱۲۳	۱۳۵

دکان کی ترقی کیلئے

اگر کسی کی دکان نہ چلتی ہو اور فائدہ کم ہوتا ہو تو اس کو چار کوری سکوری جن میں کہ خوشی کے موقع پر کھیر یا فیرنی جماتے ہیں لیکن وہ ایسی ہوں کہ جن کو پانی نہ لگا ہو لیکر ان پر جمعرات، جمعہ یا پیر کے دن مشتری کی ساعت میں آیت لکھے اور دکان کے چاروں کونوں میں ان کو الٹا کر کے رکھ دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ خوب خریداری ہوگی اور بہت زیادہ نفع ہوگا۔ جمعرات کو یہ ساعت سورج نکلتے ہی آتی ہے اور جمعہ کو پانچویں گھنٹہ میں سورج نکلنے کے بعد سے آتی ہے اور پیر کو سورج نکلنے کے بعد تیسرے گھنٹے میں آتی ہے۔ لکھنے والے کو ان اوقات کا خیال رکھنا ضروری ہے۔ مجرب ہے۔ وہ آیت مبارکہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اِنَّ الَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّ عَلَانِيَةً يَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ لِيُوَفِّيَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ط (سورۃ فاطر ۳۵ آیت۔ ۲۹ سے ۳۰)

دکان کی ترقی

اگر کسی کی دکان نہ چلتی ہو اور فائدہ کم ہوتا ہو تو اس کو چاہئے کہ اس نقش مبارک کو چار کاغذ کے ٹکڑوں پر لکھ کر اور ان ٹکڑوں کو گتے کے چار ٹکڑوں پر الگ الگ چپکا کر دکان کے چاروں کونوں میں دری وغیرہ کے فرش کے نیچے سیدھے بحفاظت رکھے۔ اس نقش کو پیر کے دن سورج نکلنے کے بعد تیسرے گھنٹہ اور جمعہ کو سورج نکلنے کے بعد پانچویں گھنٹہ میں لکھے کہ یہ سب ساعتیں مشتری کی ہوتی ہیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ گاہک زیادہ آئیں گے خریداری خوب ہوگی اور نفع بھی خوب ہوگا۔ وہ نقشِ مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۵۶۲	۵۵۵	۵۶۰
۵۵۷	۵۵۹	۵۶۱
۵۵۸	۵۶۳	۵۵۶

دکان کی ترقی کیلئے

اگر کسی کی دکان نہ چلتی ہو اور فائدہ کم ہوتا ہو تو اس کو چاہیئے کہ اس نقش کو لکھ کر گتے پر چپکا کر دکان کے اندر لٹکا دے۔ تاکہ خریدار کے سامنے رہے اور اس کو مشتری کی ساعت میں لکھے۔ پیر کے دن سورج نکلنے کے بعد سے تیسرے گھنٹہ میں آتی ہے اور جمعرات کو سورج نکلنے سے پہلے گھنٹہ میں اور جمعہ کو سورج نکلنے کے بعد سے پانچویں گھنٹہ میں یہ ساعت آتی ہے انشاءاللہ تعالیٰ بکری خوب ہوگی اور نفع بھی زیادہ ہوگا۔ مجرب ہے وہ آیت مبارکہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَوْ كَالَّذِىْ مَرَّ عَلٰى قَرْيَةٍ وَّهِىَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا ۔ (سورۃ بقرہ ۲ آیت ۔ ۲۵۹)

بِحَقِّ الٓمّٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ كٓهٰيٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ وَ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

ترقی کاروبار

اگر کسی کی دکان نہ چلتی ہو اور نفع کم ہوتا ہو تو اس کو چاہیئے کہ اس نقش کو مشتری کی ساعت میں لکھ کر گتے پر چسپاں کر دے یا بہتر طریقہ یہ ہے کہ اس نقش کو شیشہ کا فریم کرا لے اور دکان یا گھر میں اس کو لٹکا دے انشاءاللہ تعالیٰ دکان کی خریداری بڑھ جائے گی اور منافع کثیر ہونے لگے گا اور گھر کو اگر کسی نے باندھ دیا ہے تو کھل جائے گا اور اگر جادو

کرادیا ہے تو اس کا اثر بھی باطل ہو جائے گا اور جو لوگ اس گھر میں رہتے ہیں وہ بھی ہر قسم کی مصیبتوں اور جادو وغیرہ سے بالکل محفوظ و مامون رہیں گے اور کسی نے دکان کو باندھ دیا ہے تو وہ بھی اس کے لٹکانے سے کھل جائے گی۔ خواہ جادو کے ذریعے کیوں نہ باندھی ہو اور گھر والوں یا دکان والوں کے دشمن زیر ہوں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جملہ کام پورے ہوں گے۔ مجرب ہے۔ پیر کے دن سورج نکلنے سے تیسرے گھنٹہ میں جمعہ کے دن سورج نکلنے سے پانچویں گھنٹہ میں اور جمعرات کو سورج نکلنے سے پہلے گھنٹہ میں اس کو لکھے اور اس شیشہ کے فریم کو وقتاً فوقتاً پندرہ دن یا مہینہ میں کپڑے سے صاف کرتا رہے اور نقش کو موٹے قلم سے لکھوائے تاکہ دور سے دکھائی دے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

یَا اَللّٰہُ	یَارَحْمٰنُ	یَاالرَّحِیْمُ
یَا مَالِکُ	یَا رَزَّاقُ	یَا قَادِرُ
یَارَزَّاقُ	قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ	یَارَزَّاقُ
یَارَزَّاقُ	اَللّٰهُ الصَّمَدُ	یَارَزَّاقُ

دکان خوب چلے

اگر کسی کی دکان نہ چلتی ہو اور فائدہ کم ہوتا ہو تو اس کو چاہئے کہ اس مربع نقش کو لکھ کر، موم جامہ کر کے کپڑے کا غلاف چڑھا کر اور ایک ڈورے میں سی کر دکان کے اندر والی چوکھٹ پر کیل ٹھونک کر اس میں لٹکا دے۔ اس نقش کو مشتری کی ساعت میں لکھے۔ جمعرات کو سورج نکلنے سے پہلے گھنٹہ میں پیر کو سورج نکلنے سے تیسرے گھنٹہ میں جمعہ کو سورج نکلنے سے پانچویں گھنٹہ میں یہ ساعت ہوتی ہے۔

۷۸۶

۵۳۰	۷۴۱	۷۴۴	۱۵۰
۷۴۳	۱۵۱	۵۲۹	۷۴۲
۱۵۲	۷۴۶	۷۳۹	۵۲۸
۷۴۰	۵۲۷	۱۵۳	۷۴۵

رزق کی زیادتی

جوشخص چاہے کہ اس کے رزق میں زیادتی ہوتو اس کو چاہئے کہ انار کہ لکڑی کے قلم سے گیارہ تعویذ لکھ کر کسی بھی نماز کے بعد ایک وقت معین کر کے آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے اور اگر دریا قریب نہ ہوتو کسی کنویں میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایسا کرنے سے بہت جلد رزق کی زیادتی ہوگی۔ ان گولیوں کو ہر روز سورج چھپنے سے پہلے پہلے ڈال دے مجرب ہے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۱۸	۴۸	۶
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲	یَابَاسِطُ	۳۰

تجارت میں نفع

جوشخص یہ چاہے کہ میری تجارت میں روز افزوں ترقی ہو اور فائدے روز بروز زیادہ ہوتے رہیں تو اس کو چاہئے کہ دکان پر بیٹھا بیٹھا ہر وقت اس درود کو کثرت سے پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اپنے مقصد کو پہنچے گا۔ وہ درود مبارکہ یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَصَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ۔

کشائش رزق اور حصول ترقی

ترقی کا یہ عمل صرف ملازمین ہی کر سکتے ہیں لیکن کشائش رزق کے لئے یہ عمل ہر شخص کر سکتا ہے۔ اس سے رزق میں برکت ہوتی ہے۔ روزی کشادہ ہوتی ہے۔ کبھی تنگ حالی نہیں ہوتی۔ طریقہ یہ ہے کہ وقت مقررہ پر زعفران سے سفید کاغذ پر بسم اللہ شریف لکھیں اور سیدھے بازو پر باندھ لیں۔ قلم سیب کے درخت یا کسی میٹھے پھل کے درخت کا ہو۔

اس کے بعد ہر روز ۶۶۶ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھا کریں اور کشائش رزق کے لئے دعا مانگا کریں۔ یہ نقش باندھ کر شیرینی پر ختم دلائیں اور شیرینی اتنی ہونی چاہئے کہ کم از کم سات بچے شکم سیر ہو کر کھائیں۔ اگر اس دوران کوئی شخص آ کر اس میں سے کوئی چیز مانگے تو نہ دیں اور خاموش رہیں۔ اگر کچھ دے دیں گے تو عمل بے کار جائے گا۔ ہاں بلا طلب آپ کسی کو دے دیں تو ہرج واقع نہ ہوگا۔

دائیں طرف یادردائیل اور بائیل طرف یامیکائیل لکھیں۔

فراخی رزق کا عمل

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ پروردگار عالم اس کے رزق میں فراخی پیدا فرمائے تو ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از فراغت نماز مغرب بارہ رکعت نماز نفل بہ نیت فراخی رزق دو دو کر کے اس طریق سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ تین تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے اور بعد از فراغت نماز اللہ تعالیٰ کے حضور اپنے مقصد کے لئے دعا مانگے۔ انشاء اللہ اکیس یوم بلا ناغہ عمل سے مقصد حاصل ہوگا اور رزق میں فراخی اور وسعت پیدا ہونا شروع ہو جائے گی۔ اس عمل پر ہمیشگی اختیار کرنے سے کبھی بھی محتاجی کا سامنا نہ کرنا پڑے گا۔

غربت وافلاس کا خاتمہ

جو کوئی حد سے زیادہ غریب ہو اور افلاس سے کسی بھی صورت نجات نہ ملتی ہو اور اس کی یہ خواہش ہو کہ وہ اس غربت بھری زندگی سے امارت بھری زندگی کی طرف لوٹ آئے اور رزق کی تنگی نہ رہے تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

جو کوئی ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر تین مرتبہ درود پاک پڑھ کر آیت مبارکہ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا سے كُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا۔ (سورہ طلاق ۶۵ آیت ۲ سے ۳) پھر اپنا چہرہ آسمان کی طرف کر کے پھونک مارے تو پروردگار عالم اس کو تین نعمتیں عطا فرمائے گا۔ اس کی عمر دراز ہوگی۔ مال عطا فرمائے گا۔ اولاد کی نعمت سے سرفراز کرے گا اور آخرت میں بغیر حساب کے جنت میں داخل فرمائے گا۔

رزق میں اضافہ

اگر کسی کا کاروبار سخت مندے کا شکار ہو اور رزق میں کمی واقع ہو گئی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر قمری مہینے کی پندرہویں شب کو دو رکعت نماز نفل بہ طریق ذیل ادا کرنے کا معمول بنا لے جس میں ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورہ اخلاص اور ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھ کر اور سلام پھیرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس عمل کے باقاعدہ معمول سے زندگی بھر رزق میں کمی اور کاروبار میں مندے کا رجحان نہیں رہے گا۔

رزق میں وسعت

رزق میں وسعت کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز مغرب چھ سلام کے ساتھ بارہ رکعت نماز نفل اس طریق

سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے اور پھر سلام پھیرنے کے بعد اللہ رب العزت کے حضور عاجزی سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس عمل کی مداومت سے رزق میں وسعت پیدا ہو کر تنگی رزق کی شکایت جاتی رہے گی۔

تنگدستی دور ہو

جو شخص تنگدستی میں مبتلا ہو اور نجات کی کوئی راہ نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز فجر سورہ اخلاص اکیس مرتبہ۔ بعد از نماز ظہر سورہ اخلاص بائیس مرتبہ۔ بعد از نماز عصر سورہ اخلاص تیئس مرتبہ۔ بعد از نماز مغرب سورہ اخلاص چوبیس مرتبہ اور بعد نماز عشاء سورہ اخلاص پچیس مرتبہ پڑھے ہر بار اتنی ہی تعداد میں اوّل و آخر درود شریف تاج بھی پڑھیں۔ انشاء اللہ اس عمل کی ہیشگی سے تنگدستی ہمیشہ کے لئے دور ہو کر خوشحالی ہو جائے گی اور کبھی بھی تنگدستی نزدیک نہ آئے گی۔

حصول ملازمت

حصول ملازمت کے لئے سرگرداں افراد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے قمری مہینے کی چودھویں اور پندرھویں شب کو باوضو حالت میں سورہ اخلاص ایک ہزار مرتبہ اوّل و آخر درود شریف ایک سو مرتبہ پڑھ کر اللہ رب العزت کی بارگاہ میں دعا مانگے۔

انشاء اللہ اس عمل کی بدولت ملازمت ملنے کے اسباب پردہ غیب سے پیدا ہو جائیں گے اور کہیں نہ کہیں اچھی ملازمت مل جائے گی۔

وسعت عیش

جائز وسعت عیش کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

Qureshi R.W

اس مقصد کے لئے سورہ قدر۔ سورہ کافرون اور سورہ اخلاص گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے نئے کپڑوں پر چھڑک کر وہ کپڑے پہنے جب تک یہ کپڑا اس کے جسم پر استعمال رہے گا وہ گھریلو زندگی میں عیش میں رہے گا۔

حصول روزگار

روزگار کے لئے پریشان حال لوگوں کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ۔

رزاق ایک سو ایک مرتبہ۔ سورہ اخلاص گیارہ مرتبہ۔ سورہ فاتحہ گیارہ مرتبہ۔ رَبِّ اِنِّی مَغْلُوبٌ فَانْتَصِرْ۔ گیارہ مرتبہ پڑھ کر سجدے میں گر کر اللہ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ نوے روز کے عمل مسلسل سے مقصد حاصل ہوگا۔ عمل بعد از نماز عشاء یا بعد از نماز تہجد کریں۔

ترقی روزگار

کاروبار میں روز افزوں ترقی کے لئے ذیل کا عمل مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے دکان کا تالا کھولتے وقت پہلے گیارہ مرتبہ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ سورہ فاتحہ گیارہ مرتبہ۔ سورہ اخلاص گیارہ مرتبہ۔ یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ گیارہ مرتبہ اوّل و آخر درود شریف تاج سات سات مرتبہ پڑھ کر دکان پر پھونک لگائیں اور پھر تالا کھول کر قدم اندر رکھیں۔ انشاء اللہ کاروبار میں دن بدن ترقی ہوگی۔

خواہش کے مطابق تبادلہ

ملازم پیشہ افراد کا اپنی خواہش کے مطابق تبادلہ کروانے کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز عشاء خلوص نیت سے اوّل و آخر درود شریف اکیس اکیس مرتبہ۔ سورہ فاتحہ اکیس مرتبہ۔ سورہ اخلاص اکیس مرتبہ۔ آیت کریمہ ایک سو ایک

مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے انشاء اللہ اکیس یوم بلا ناغہ عمل سے مقصد حاصل ہو جائے گا۔

تونگری

جو شخص مال و دولت اور تونگری کی خواہش رکھتا ہو تو ذیل کا عمل کرے۔

اس مقصد کے لئے ماہ صفر کے آخری بدھ کے دن سورہ الم نشرح۔ سورہ التین۔ سورہ النصر اور سورہ اخلاص بمعہ اوّل و آخر درود شریف تاج سات سات مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے مال و دولت دنیا سے غنی اور تونگر ہو جائے گا۔

طلب مال و دولت

مال و دولت کی طلب رکھنے والے اشخاص ذیل کا عمل کریں بے حد مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز عشاء سات مرتبہ سورہ الشمس سات مرتبہ سورہ اخلاص سات مرتبہ سورہ فلق سات مرتبہ سورہ الناس اوّل و آخر درود شریف تاج سات سات مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا کرے۔ دعا میں سات مرتبہ یہ الفاظ ضرور پڑھے اللھم اجعل لی من امری فر جا مخر جا انشاء اللہ بہت جلد مقصد حاصل ہو گا تا حصول مقصد عمل جاری رکھے۔

تنگ دستی اور مفلسی سے نجات

جو شخص تنگ دستی کے ہاتھوں فاقوں پر مجبور ہو تو ایسے میں ذیل کے عمل سے اس سے نجات پالے گا اور دوسروں کے آگے ہاتھ پھیلانے سے محفوظ و مامون ہو جائے گا۔

اس مقصد کے لئے یا صَمَدُ روزانہ بعد از نماز فجر ایک ہزار تین مرتبہ پڑھا کرے اوّل و آخر درود شریف تاج سات سات مرتبہ پڑھے۔

تنگ دستی سے نجات

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کی تنگدستی دور ہو جائے اس کی روزی فراخ ہو جائے اس کے ہاں دولت کی ریل پیل ہو جائے تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد توجہ ویکسوئی کے ساتھ اکیس مرتبہ سورہ کوثر پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے انشاء اللہ تعالیٰ وہ جو بھی دعا مانگے گا بارگاہ الٰہی میں قبول ہو گی اس کی تنگدستی سورہ کوثر کی برکت سے دور ہو جائے گی۔

اللہ تعالیٰ پردہ غیب سے اس کی روزی کے ایسے اسباب پیدا فرمائے گا جس سے اس کی روزی فراخ ہو جائے گی اس کی تنگدستی خوش حالی میں بدل جائے گی یقین کامل اور توجہ ویکسوئی کے ساتھ عمل کو بلاناغہ جاری رکھے بفضل باری تعالیٰ فیض یاب ہو گا۔

رزق کی فراوانی

رزق کی تنگی دور کرنے کی غرض سے ہر روز بلاناغہ نماز فجر کے بعد ایک تسبیح سورہ کوثر پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کبھی رزق کی تنگی کی شکایت نہ ہو گی۔ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کاملہ سے پڑھنے والے کے رزق میں خوب برکت پیدا فرما دے گا۔

خیر و برکت کا حصول

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کے ہاں کبھی بھی روپے پیسے کی کمی نہ ہو رزق میں اضافہ ہو اس کی رزق حلال کی آمدنی میں خیر و برکت پیدا ہو جائے تو اسے چاہیے کہ جب بھی کبھی کسی سے روپیہ پیسہ وغیرہ لے تو بسم اللہ پڑھ کر لے اور جب کسی کو روپیہ پیسہ دے تو دیتے وقت اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ۔ پڑھے، (سورۃ بقرہ ۲ آیت ۔ ۱۵۶)

ہمیشہ اس عمل کی پابندی رکھے انشاء اللہ تعالیٰ بہت فائدہ ہو گا کبھی روپے پیسے کی کمی نہ آئے گی۔

منسوخی تبادلہ

نماز مغرب کے بعد ۳۰۰ مرتبہ آیت کریمہ پڑھیں عشاء کی نماز کے بعد ۱۱۰۰ مرتبہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ پڑھیں۔

مندرجہ بالا دونوں عمل کر کے سجدے میں دعا مانگیں اثر آپ خود دیکھیں گے۔

خواہش کے مطابق تبادلہ کے لئے

(۱) یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ۱۰۱ مرتبہ

اَلْحَمْد شَرِیْف ۲۱ مرتبہ

سورہ اخلاص ۲۱ مرتبہ

آیت کَرِیْمَہ ۱۰۱ مرتبہ

عشاء کی نماز کے بعد پڑھ کر دعا مانگے۔ پھر کوشش کریں۔ مالک ارض وسماء اپنا خاص کرم فرمائیں گے۔

(۲) ہر نماز کے بعد سورۃ رحمٰن ۲ مرتبہ پڑھ کر دعا سجدے میں مانگیں۔ اللہ کرم فرمائیں گے۔

عزت و دولت کا تاج یعنی درود تاج

یہ درود شریف بہت محبوب و مقبول ہے اور اکثر کی ورد زباں اور حرز جاں ہے اور کیوں نہ ہو کہ اس کا نام بھی درود تاج ہے یعنی رحمت و برکت کا بے زوال تاج۔ جب تنگدستی دور نہ ہونے اور روزگار نہ ملنے کی وجہ سے عزت کی حفاظت دشوار ہو جائے تو درود تاج بعد ہر نماز ے بار اور بعد نماز عشاء ایک سو ایک بار بحضور قلب پڑھے اور دن میں تلاش معاش میں نکلے تین دن ایسا ہی کرے اگر تین دن میں کوئی ذریعہ نہ نکلے تو چوتھے روز بعد فجر سے پڑھنا شروع کرے اور اس وقت تک پڑھتا رہے کہ جب تک کوئی آ کر اس کو خوشخبری نہ سنائے۔ درود

تاج یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ دَافِعِ الْبَلَآءِ وَالْوَبَآءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ اِسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ مَّرْفُوْعٌ مَّشْفُوْعٌ مَّنْقُوْشٌ فِى اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ سَيِّدِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ جِسْمُهٗ مُقَدَّسٌ مُّعَطَّرٌ مُّطَهَّرٌ مُّنَوَّرٌ فِى الْبَيْتِ وَالْحَرَمِ شَمْسِ الضُّحٰى بَدْرِ الدُّجٰى صَدْرِ الْعُلٰى نُوْرِ الْهُدٰى كَهْفِ الْوَرٰى مِصْبَاحِ الظُّلَمِ ط جَمِيْلِ الشِّيَمِ ط شَفِيْعِ الْاُمَمِ ط صَاحِبِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ ط وَاللّٰهُ عَاصِمُهٗ وَجِبْرِيْلُ خَادِمُهٗ وَالْبُرَاقُ مَرْكَبُهٗ وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُهٗ وَسِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى مَقَامُهٗ وَقَابَ قَوْسَيْنِ مَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُهٗ وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُهٗ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ ط خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ ط شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ ط اَنِيْسِ الْغَرِيْبِيْنَ ط رَحْمَةٍ لِّلْعٰلَمِيْنَ ط رَاحَةِ الْعَاشِقِيْنَ ط مُرَادِ الْمُشْتَاقِيْنَ ط شَمْسِ الْعَارِفِيْنَ ط سِرَاجِ السَّالِكِيْنَ ط مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِيْنِ ط مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ وَالْغُرَبَآءِ وَالْمَسَاكِيْنَ سَيِّدِ الثَّقَلَيْنِ نَبِيِّ الْحَرَمَيْنِ ط اِمَامِ الْقِبْلَتَيْنِ ط وَسِيْلَتِنَا فِى الدَّارَيْنِ ط صَاحِبِ قَابَ قَوْسَيْنِ مَحْبُوْبِ رَبِّ الْمَشْرِقَيْنِ وَالْمَغْرِبَيْنِ ط جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ ط مَوْلَانَا وَمَوْلَى الثَّقَلَيْنِ ط صَلُّوْا عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ط

عمل سورہ یٰسٓ (ترقی رزق)

یہ عمل بہت زود اثر ہے۔ یٰسٓ شریف بعد نماز عشاء ایک بار اس طرح کہ ہر مبین پر

Qureshi R.W

درود تاج ۱۴۱ بار پڑھے۔ پہلے ہی دن کام سنور جاتا ہے اگر یقین یا حضور قلبی یا صحت لفظی میں
کمی ہے تو دوسری بات ہے ہر مبین پر درود شریف پڑھ کر دم کریں اور اس نقش کو ٹوپی میں
رکھیں یہ نقش معمولی غفلت سے غائب ہو جاتا ہے حفاظت شرط ہے۔

۷۸۶

۵۵۳۵۲	۵۵۳۵۵	۵۵۳۵۹	۵۵۳۴۵
۵۵۳۵۸	۵۵۳۴۶	۵۵۳۵۱	۵۵۳۵۶
۵۵۳۴۷	۵۵۳۶۱	۵۵۳۵۳	۵۵۳۵۰
۵۵۳۵۴	۵۵۳۴۹	۵۵۳۴۸	۵۵۳۶۰

عمل الحمد شریف (ترقی رزق)

برائے حصول دولت وغنا الحمد شریف اس طرح پڑھیں اول درود
قضائے حاجت یعنی درود تنجینا ایک بار بعدہٗ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ
مُنْتَھِیَ الرَّحْمَۃِ مِنْ کِتَابِکَ وَاِسْمِکَ الْاَعْظَمِ وَجَدِّکَ
الْاَعْلٰے وَکَلِمَاتِکَ التَّامَّۃِ ۳ بار پھر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ
الْعٰلَمِیْنَ ۱۷ بار درود تاج شریف ۱۷ بار اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۱۲
بار درود تاج ۱۲ بار مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۱۱ بار درود تاج ۱۱ بار اِیَّاکَ
نَسْتَعِیْنُ ۹ بار درود تاج ۱۹ بار اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۱۹ بار
درود تاج ۱۹ بار صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۱۹ بار درود تاج
۱۹ بار اِنِّیْ اَسْئَلُکَ وَاَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ نَّبِیِّ
الرَّحْمَۃِ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ تَوَجَّھْتُ بِکَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ
حَاجَتِیْ ھٰذِہٖ لِتَقْضِیَ لِیْ حَاجَتِیْ ۳ بار۔

نقش حصول دولت وغنا

اس نقش کو چراغ پر کندہ کرا کے عروج ماہ میں عمل شروع کریں اس چراغ کی چار بتی اچھے گھی سے روشن کریں اور درود تاج یا درود قضائے حاجت (تنجینا) ایک بار یا ے بار پڑھے اس کے بعد بسم اللہ شریف ۷۸۶ بار اس کے بعد یہ دو نقش کاغذ پر لکھیں۔ پہلا اور دوسرا الگ الگ رکھیں۔ پہلا آٹے میں گولی بنا کر دریا میں یا اس تالاب میں جس میں مچھلیاں ہوں ڈالیں دوسرا اپنے پاس رکھیں۔ دوسرے روز تین نقش لکھے پہلے دونوں دریا میں ڈالے آخری ایک نقش پہلے دن کے نقش کے ساتھ ملا کر اپنے پاس رکھے اسی طرح ہر روز ایک نقش بڑھاتا جائے۔ پہلے دریا میں آخری اپنے پاس رکھے ۱۹ دن یہ عمل کرے ۱۹ دن کے ۱۹ نقش اس کے پاس جمع ہو جائیں گے ان سب کو ملا کر ایک جگہ موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے اور جب تک حسب منشاء کام نہ چل جائے یا ملازمت نہ ملے یا مستقل اسباب پیدا نہ ہو جائے ہر روز ۱۹ اعدد نقش لکھتا رہے چراغ بھی جلاتا رہے اور بسم اللہ شریف بھی پڑھتا رہے یہ ۱۹ نقش دریا میں ڈالتا رہے اگر اس دوران کسی کو نقش دینا ہو تو ایک زائد لکھے۔

اللہ	اللہ	اللہ	اللہ
بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
یارقیبُ	یارافعُ	الباسطُ	یادیانُ
یا واسعُ	یارزاقُ	یا محییُ	یاالجلیلُ
یامحیطُ	یاعدلُ	یارؤفُ	یاقدیرُ مھابُ

نقش وسعت رزق

اس نقش کو کندہ کرا کے اپنے پاس رکھے اور یَا رَزَّاقُ تَرَزَّقْتُ بِالرِّزْقِ فِیْ رِزْقِ رِزْقِکَ یَـا رَزَّاقُ ۳۰۸ مرتبہ ۴ روز اس کے بعد اَلْوَهَّابُ ۲۷۰ مرتبہ ۴ روز اس کے بعد یَارَزَّاقُ الْوَهَّابُ ۱۰ بار روزانہ اس نقش پر دم کیا کرے۔

اوّل و آخر درود شریف ۱۰ یا ۳ بار

۷۸۶

یاعطرائیلُ — یااموا کیلُ

۷۶	۷۹	۸۲	۶۹
۸۱	۷۰	۷۵	۸۰
۷۱	۸۴	۷۷	۷۴
۷۸	۷۳	۷۲	۸۳

ھاب	و	ل	ا
۴۹	۲	۷	۷
۴	۳۲	۲	۶
۵	۵	۲	۳۱

یاجبرئیلُ — یارفتمائیلُ

نقش حصول دولت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم شریف کا یہ نقش شرف قمر میں کندہ کرائیں اور شرف قمر ہی میں اس کا عمل کریں شرف قمر ہر ماہ ڈھائی دن تقریباً رہتا ہے۔

دن یا رات میں ساعت قمر ہی میں اس کا عمل بھی شروع کریں۔ اوّل درود تاج ۷ بار

بعدہٗ اجب یا جبرائیلُ یا ھمواکیلُ یا خویائیلُ یا اسرافیلُ یا طاطائیلُ یا دوریائیلُ یا امواکیلُ یا تنکفیلُ یا حولائیلُ یا سرکیَا ئیلُ بحق بسم اللہ الرحمن الرحیم ۷۸۶ بار پڑھ کر نقش پر دم کر کے اپنے پاس عطر لگا کر رکھیں، اگر ممکن ہو تو ہر روز ۱۹ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا موکل پڑھ کر نقش پر بھی دم کریں اور پانی پر دم کر کے پی لیا کریں باقی تھوڑا پانی ہاتھ اور منہ پر مل لیا کریں۔

اجب یا جبرائیل بحق

بســـ				ـم
یااسرافیلُ	۲۶۵	۲۵۸	۲۶۳	یاھمرائیلُ
الـلّـ				ـہ
یادوریائیلُ	۲۶۰	یااکرام	۲۶۴	یاحولائیل
الرحـمـ				ـن
یاامواکیلُ	۲۶۱	۲۶۶	۲۰۹	یادردیائیلُ
الرحیـ				ـم
	یاتنکفیل	یاسرکتائیل	یاطاطائیل	

عمل بسم اللہ شریف (ترقی رزق)

جو شخص مفلس و مجبور ہو اور کوئی ذریعہ معاش نہ ہو یا اب ذریعہ معاش پر قادر نہیں کمزور اور بیمار ہے تو اس عمل کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے سوال کرے بے مشقت روزی عطا ہو اگر روزے رکھنے پر قادر ہو تو بدھ، جمعرات، جمعہ کو روزہ رکھے جمعہ کو غسل کرے اور مسجد کو جائے اگر ممکن ہو تو کچھ صدقہ کرے۔ اگر ایک چند پیسہ ہی ہو یا کوئی چیز اور مسجد میں جا کر قبلہ رو بیٹھ کر اور کمزور یا بیمار اتنا ہے کہ مسجد تک نہ جا سکے تو گھر میں ہی ایک سو گیارہ بار اس نقش کو سامنے رکھ کر اس طرح بسم اللہ شریف پڑھے۔ اوّل درود شریف ۷ بار اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ ط ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمِ ط اَسْئَلُکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ اَسْئَلُکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ط اَسْئَلُکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ط اَسْئَلُکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا ج وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ۔ اَسْئَلُکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الَّذِیْ عَلَتِ الْوُجُوْہُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ وَخَشَعَتْ لَہُ الْاَصْوَاتُ وَوَجِلَتِ الْقُلُوْبُ مِنْ خَشْیَتِہٖ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ۔ یہاں اپنی ضرورت کا ذکر کرے کہ مجھے رزقِ حلال عطاء فرما یا رَزَّاقُ یا یوں کہے کہ مجھے خرچ یومیہ عطاء فرما۔ یَا مُعْطِیُ۔

علاوہ جمعہ کے ہر روز ۱۹ بار بعد نماز عشاء پڑھا کرے اور اس نقش پر دم کرتا رہے کہ جس دن یہ عمل چھوٹ جائے گا تو اس نقش کے پاس رہنے کی وجہ سے عمل منقطع نہ ہوگا۔

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

٣ ١٩٦ ٥١٦	٣ ١٩٩ ٥١٩	٣ ٢٠٢ ٥٢٢	٣ ١٨٩ ٥٠٩
٣ ٢٠١ ٥٢١	٣ ١٩٠ ٥١٠	٣ ١٩٥ ٥١٥	٣ ٢٠٠ ٥٢٠
٣ ١٩١ ٥١١	٣ ٢٠۴ ٥٢۴	٣ ١٩٧ ٥١٧	٣ ١٩۴ ٥١۴
٣ ١٩٨ ٥١٨	٣ ١٩٣ ٥١٣	٣ ١٩٢ ٥١٢	٣ ٢٠٣ ٥٢٣

نوافل حصولِ روزگار

ہر روز جب تک حسب منشاء کام نہ ملے بعد نماز مغرب یا بعد نماز عشاء دو رکعت نماز نفل اس طرح ادا کرے کہ پہلی رکعت میں بعد ثناء والحمد کے بعد وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۱۰ بار اور دوسری رکعت بعد الحمد وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ، اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ط قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا۔

(سورۃ طلاق ۶۵ آیت ۲ سے ۳)

ایک سو ایک بار اور بعد سلام کے...... سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ۔ سو بار اور درود شریف ۱۰ بار پھر سجدے میں جا کر اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۷۰ پڑھے اور اللہ سے دعا کرے، بہت مجرب ہے۔

نقش وسعت رزق

یہ نقش وسعت رزق کے لئے مجرب ہے۔ یہ نقش ۵۵ عدد لکھے اور ہر نقش پر یہ دعا ایک بار پڑھ کر دم کرے اَكْرِمْنِيْ وَهَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّاسِعَةً وَّنِعْمَةً كَثِيْرَةً بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

۵۴ پہلے نقوش آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالے اور آخری نقش اپنے پاس رکھے اس کے بعد ہر روز ایک نقش لکھتا رہے اور دس بار روزانہ یہ دعا ورد میں رکھے اور وہ نقش کسی حاجت مند کو دے دیا کرے اگر حاجت مند نہ آئے تو آٹھویں دن ان نقوش کو گولی بنا کر دریا میں ڈال دیا کرے۔

۷۸۶

اکرمن وهب لی	من لدنک رحمة واسعة	ونعمة کثیرة برحمتک	یاارحم الراحمین
۲۳۶۷	۵۹۹	۳۷۵	۱۳۷۸
۵۹۸	۲۳۶۴	۱۳۸۱	۳۷۶
۱۳۸۰	۳۷۷	۵۹۷	۲۳۶۵

نقش اضافہ رزق

حصول دولت وغنا اور وسعت روزگار کے لئے یہ عمل کرنا چاہیئے اوّل یہ (اتوار) یکشنبہ پہلی ساعت میں یہ عمل شروع کرے اور اگر یہ نقش کندہ کرائے تو تاکید کردے کہ یہ نقش چاندی پر ساعت شمس میں کندہ کیا جائے اور اس عمل کو یکشنبہ ساعت شمس یعنی پہلی ساعت میں شروع کریں اور درود تاج یا درود تنجینا تین بار پڑھیں اس کے بعد ۳۰۴۱ بار سُبْحَانَکَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ یَا رَبَّ کُلِّ شَیْءٍ وَّوَارِثَه' وَرَازِقَه' وَرَاحِمَه'۔ آخر میں درود شریف ۷ بار۔ اس عمل کی حد تین چلے تک ہے مگر تین چلے کی ضرورت کمزور اعتقاد والے حضرات کو پیش آتی ہے۔ اس عمل میں یہ شرط ہے کہ جب یہ عمل شروع کرے تو پھر کسی پر اظہار نہ کرے کہ میں فلاں عمل کر رہا ہوں سوائے اس کے کہ جس نے بتایا اجازت بخشی ہے اور جو اثرات وفوائد ظاہر ہوں ان پر مغرور نہ ہو اور ہمیشہ پاکیزگی باطن کا خیال رکھے قلب وجسم اور لباس کو نجاستوں اور کثافتوں سے بچائے۔

۷۸۶

۴۹۰	۴۹۳	۲۹۶	۴۸۲
۴۹۵	۴۸۳	۴۸۹	۴۹۴
۴۸۴	۴۹۸	۴۹۱	۴۸۸
۴۹۲	۴۸۷	۴۸۵	۴۹۷

سُبْحَانَکَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَارَبِّ کُلِّ
شَیْءٍ وَّوَارِثَه‘ وَرَازِقَه‘ وَ رَحِمَه‘

حصول روزگار کی انگوٹھی

یہ انگشتری خاص اسی مقصد کے لئے ہے۔ اس انگشتری کا نقش شرف آفتاب میں کندہ کیا جاتا ہے۔ اس انگشتری کو حاصل کرنے کے بعد ساعت قمر میں یعنی روز دوشنبہ طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قمر کی ساعت ہے اس وقت سورج کی طرف منہ کر کے انگشتری ہاتھ میں لے کر یَا مَنَّانُ ذَا الْاِحْسَانِ قَدْ عَمَّ کُلَّ الْخَلَآئِقِ مَنَّه‘ یَا مَنَّانُ ۹۹ بار پڑھیں اور اوّل آخر درود شریف ۹ بار پھر انگشتری پہن لیں۔ اگر بعد نماز فجر ہمیشہ ورد میں رکھیں تو جو دعا کی جائے یا جو حاجت پیش آئے اور عامل دل سے چاہے پوری ہو۔

عمل بے تاج بادشاہت

یہ عمل بے ایمان اگر پڑھے تو دولت ایمان سے مالا مال ہو۔

غریب پڑھے تو دولت دنیا وآخرت سے سرفراز فرمایا جائے۔ بے علم پڑھے، دولت علم سے سینے کو بھر دیا جائے اور کمزور مجبور عمل کرے تو شوکت ہیبت سے نوازا جائے بلکہ اس

کے عامل کو بے تاج کا بادشاہ کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا کیونکہ جو اس کے حضور حاضر ہو یا عامل جس کے سامنے جائے تعظیم وتکریم سے پیش آئے مال دنیا بہت آئے مگر شرط یہ ہے کہ جو کچھ بھی آئے اسی دن خرچ کر ڈالے کل کے لئے نہیں رکھے کیونکہ دینے والا کل کو اور دے گا بہت دے گا قصداً دوسرے دن کے لئے روکنا عطائے ربی پر اعتماد کی کمزوری کی دلیل ہے اور یہ عمل کے اثر کو زائل کر دیتا ہے اگر خرچ کرتے کرتے خود بچ رہے تو کوئی خرج نہیں۔

یہ عمل ۹۹ دن کا ہے یعنی ۳ ماہ اور ۹ دن کا۔ اگر اتنے دن تنہائی اختیار کرے اور پرہیز جلالی وجمالی کے ساتھ عمل کرے تو زیادہ بہتر ہے ورنہ صرف حلال غذا جس میں حرام کمائی کا ایک پیسہ بھی شامل نہ ہو اسی پر قناعت کرے اور تنہائی اس لئے بہتر ہے کہ جب نہ کوئی پاس آئے گا نہ یہ کسی سے بات کرے گا تو زبان ونظر قلب وجسم، دست وپا سب گناہ سے محفوظ رہیں گے اور اگر اپنی ذات پر اعتماد ہے تو خلوت بھی ضروری نہیں یَا عَجِیْبَ الصَّنَائِعِ فَلَا تَنْطِقُ الْاَلْسِنُ بِکُلِّ ثَنَائِہٖ وَنَعْمَآئِہٖ یَا عَجِیْبُ۔ ۹۹ روز تک پندرہ ہزار بار اس طرح پڑھے کہ دن میں دس ہزار بار اور شب میں ۵ ہزار بار۔ دن کے عمل کو دو وقت میں تقسیم کر سکتے ہیں۔ یعنی فجر سے دوپہر تک اور بعد ظہر سے مغرب تک دوپہر کا کھانا کھا کر قیولہ کرے ظہر میں اُٹھ کر نماز ادا کرے پھر عمل شروع کر دے پہلے دن اوّل ۴۱ بار درود تاج ختم پر ایک بار اسی طرح تمام اوقات میں اوّل آخر ایک بار درود تاج پڑھے اور کبھی دوران عمل میں کسی سے بات کرنا ہو تو تعداد کا خیال رکھے اور ایک بار کوئی بھی مختصر درود پڑھ کر بات کرے او پھر درود پڑھ کر شروع کر دے اور ہر جمعہ کو غسل کرے سنت پڑھ کر مسجد جائے اگر کچھ پاس ہو تو کسی مستحق کو خیرات کرے اور سنتیں اپنے مقام پر آ کر پڑھے انشاء اللہ دروان عمل ہی عجائبات قدرت دیکھے گا۔ حضرت محمد غوث صاحب گوالیاری جو اس کے عامل تھے تحریر فرماتے ہیں۔ اس عامل کو حق تعالیٰ یہ کرامت عطا فرماتا ہے کہ اس کا کلام حجت عالم ہو اور ہر بات اس کی قرآن وحدیث سے ہو جس کے لئے دعائے عافیت ودعائے ہلاکت کرے قبول ہو اور تمام جہان میں مشہور اور نعمت ہائے گونا گوں سے مالا مال ہو اور فتوحات

کرامت کا ظہور ہو۔ عامل کو لازم ہے کہ جو کچھ آئے سب خرچ کر ڈالے دوسرے دن کے لئے نہ رکھے خدا تعالیٰ دوسرے روز پھر عطا فرمائے گا۔

تاج عزت و کرامت

یہ عمل پہلے عمل کی مثل نہیں مگر اس کے فضائل واثرات کم بھی نہیں اور اس کو اسی لئے درج کیا جارہا ہے کہ جس عمل کو مندرجہ بالا کرنے کی ہمت نہ ہو تو یہ عمل مختصر ہے آسانی سے انجام دیا جاسکتا ہے۔ یہ عمل چالیس روز تک چار ہزار بار اور یہ بھی ممکن نہ ہو تو صرف ۱۶ دن ایک ہزار بار اس کے بعد ۵۵ بار ہر نماز کے بعد پڑھ لیا کرے اس کے آداب وہی ہیں جو اوپر درج ہیں اگر ہر دو عمل میں پیر کا تصور یا عامل جس نے اجازت دی ہے اس کا تصور کریں اور پیر انتقال کر چکا ہے تو اس کی روح کو فاتحہ پڑھ کر ثواب بخشیں اور اس کا تصور کر کے پڑھیں کہ اگر قسمت سے مؤکل اس کا حاضر ہو تو اچھی شکل میں آئے اور جب سامنے کوئی آئے تو آپ عمل ترک نہ کریں بلکہ بلند آواز سے عمل پڑھنا شروع کر دیں اگر عمل کی تعداد ختم کے قریب ہو تو اسی پر بس نہ کریں بلکہ بلا تعداد پڑھتے رہیں جب وہ سوال کرے تو اس کے سوال کا جواب دیں اور اس سے اپنی خواہش بیان کریں اگر مؤکل کو تابع کرنا ہے تو اس کے متعلق باادب کہیں اور جو شرط بتائے اگر آپ اس پر ہمیشہ قائم رہ سکیں تو وعدہ کریں ورنہ صرف اتنا کہیں کہ مجھے جس وقت جو حاجت پیش آئے آپ اسے انجام دیں میں آپ کی نظر عنایت کا طالب ہوں مطیع کرنا نہیں چاہتا عمل یہ ہے۔ یَاعَظِیۡمُ ذَا الثَّنَآءِ الۡفَاخِرِہ وَالۡعِزِّ وَالۡمَجۡدِ وَالۡکِبۡرِیَآءِ فَلَا یُذِلُّ عِزُّہٗ' یَا عَظِیۡمُ پڑھنے کا طریقہ وہی ہے جو اوپر درج ہے اگر پیر متبع شریعت نہیں یا عقیدہ اس کا مشکوک ہے تو نقصان کا خطرہ ہے۔ ایسی حالت میں روضہ رسول کا تصور کریں کہ نقصان سے محفوظ رہیں اور فیض کامل ہو سکے۔

عمل اسم یا مُغۡنِیُ (ترقی رزق)

یہ عمل حصول دولت وغنا کے لئے بے نظیر ہے مگر طریقہ عمل کتب عملیات میں نہیں ملتا

اگر چہ یہ عمل بہت مشہور ہے مگر خیال یہ ہے کہ کسی نے فائدہ حاصل بھی کیا ہوگا تو اپنے اعتقاد اور خلوص نیت کے سبب، یہ ہی حال اکثر عملیات کا ہے جو کتب عملیات میں مرقوم دیکھے گئے مگر تجربہ اور سینہ بہ سینہ جو حاصل ہوا اس میں اثر ہی کچھ اور دیکھا یہاں اس کا درج کرنا اس لئے بہتر سمجھا کہ جو مغموم ومجبور حضرات اہلسنت اس سے فیض یاب ہوں گے۔

طریقہ یہ ہے اوّل درود تنجینا ۱۲ بار اس کے بعد اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُغْنِیْ وَ اَنَا الْفَقِیْرُ فَمَنْ یَّدْعُ الْفَقِیْرُ اِلَّا الْمُغْنِیْ۔ ایک بار، یَا مُغْنِیْ گیارہ سو بار، اس کے بعد سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط وَ اِذَا سَاَلَکَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ ' اُجِیْبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْلِیْ وَلْیُؤْ مِنُوْا بِیْ لَعَلَّھُمْ یَرْشُدُوْنَ یَا غِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَۃٍ وَّمَعَاذِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَۃٍ وَّمُوْنِسِیْ عِنْدَ وَحْشَۃٍ وَّ رِجَآئِیْ حِیْنَ تَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ یَا غِیَاثِیْ۔ ۷۷ بار یا ۷۰ بار۔

خصوصی ہدایات جن کو بڑی دعائیں یاد نہیں ہو سکتیں ان کے لئے اسمائے باری تعالیٰ سے کوئی اسم منتخب کر کے مثلاً اسمِ یا مغنی کو اکثر احباب یا مگنی پڑھتے ہیں اور اسمِ یا غنی کو یا گنی پڑھتے ہیں۔ اسی طرح بچی زبان اور مخارج سے ناواقف حضرات کو ایسے اسماء نہ بتائیں جن میں غ، ع۔ ص۔ ط۔ ق ظ۔ شین۔ فا ہوں۔

یہ وہ حروف ہیں جو صحیح نہ کرائے جائیں تو غلط پڑھنے کی وجہ سے شدید نقصان پہنچ سکتا ہے۔ مثلاً اسم یا بدوح کو اگر بڑی ح نہ ادا کی گئی اور دو چشمی ھ پڑھی یا بدوھ تو جس جگہ پڑھا جائے وہ ویران ہو جائے اور جھونپڑی میں پڑھے تو آگ لگ جائے۔ رجعت بھی ان ہی خامیوں کی وجہ سے ہوتی ہے۔ یہ چند سطریں ہر عامل کی ہدایت کے لئے کافی ہیں بوڑھے اور سیدھے بھولے حضرات کے اعتقاد میں بڑی پختگی اور سچائی ہوتی ہے اس لئے وہ جو بھی عمل کریں گے بہت جلد اثر ہوگا اور میرا تجربہ بھی اس پر شاہد ہے مگر فرق یہ ہے کہ انکو انکی اہلیت کیمطابق عمل کرانے والا نہیں ملتا اور ان کو ایسے وظیفے بتا دیئے جاتے ہیں جن کی صحیح ادائیگی وہ

کرنہیں پاتے نتیجہ صفر رہتا ہے مگر نقصان سے ان کی صدق اعتقادی محفوظ رکھتی ہے۔

دعوت یا رَزَّاقُ (دست غیب)

چاہیئے کہ ۳۲ روز تک ہر روز یہ ۶۰ نقش اسم رزاق لکھے اور ہر نقش پر اسم یا امواکیل بحق یارزاق ۳۰۸ بار جدا جدا پڑھ کر دم کرے اور ہر روز ان ۶۰ نقش کی گیہوں کے گندھے ہوئے آٹے میں گولیاں بنا کر روز دریا میں ڈالے جب ۳۲ روز پورے ہوں روزانہ دو نقش لکھے اور دونوں پر وہی اسم یا امواکیل بحق یارزاق ۳۰۸ بار علیحدہ علیحدہ پڑھ کر دم کرے۔ ان کا ایک نقش اپنے سر میں بطور تعویذ رکھے خواہ وہ ٹوپی جو ہر وقت استعمال میں آتی ہے اس میں ٹانکے اور دوسرا نقش مصلے کے نیچے رکھے۔

سولہویں خانہ میں نیچے عدد اوپر رقم خرچ یومیہ جیسا لکھ کر بتایا ہے لکھے یعنی سو روپیہ دو سو روپیہ وغیرہ جو بھی۔ انشاء اللہ غیب سے روز مرہ کا خرچ پہنچے اور جو رقم غیب سے ملے روزانہ خرچ کرے بچا کر نہ رکھے۔

۷۸۶

۷۶	۸۰	۸۳	۶۹
۸۲	۷۰	۷۵	۸۱
۷۱	۸۵ رقم خرچ	۷۸	۷۴
۷۹	۷۳	۷۲	۸۴

عمل وسعت رزق

شب سہ شنبہ یا شب یکشنبہ کو بعد آدھی رات گزرنے کے وضو کرے اور جائے نماز پر کھڑے ہو کر تین بار کہے "فریاد فریاد بدرگاہِ تو بدوستی مصطفیٰ ﷺ و بدوستی علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ و حسن مجتبیٰ و حسین شہید کربلا آنچہ مطلوب می دارم بانصرام رساں" بعدہٗ اسی جگہ کھڑے

کھڑے ۳ بار آیت الکرسی چاروں قل ۳۰۳ بار پڑھ کر اپنے گرد حصار کرے بعدہ تسبیح یا اللہ چار ہزار مرتبہ کھڑے کھڑے پڑھے، بعدہ تمام پڑھنے کے کو چاہے تو وہیں تین روز کا چلہ کرے یا جہاں چاہے جائے اس طرح تین روز یہ عمل کرے تیسری شب مؤکل اس اسم کا بصورت خوب ظاہر ہوگا۔ چاہیئے کہ جب تک اپنی تعداد پوری نہ کرے کلام نہ کرے جب ختم کرے اس سے قول وعہد لے کہ جب میں بلاؤں حاضر ہو جب وہ عہد کرے تو جانے کی اجازت دے جب اس مؤکل کو بلانا مقصود ہو تو ۴۱ بار خلوت میں اسم یا اللہ پڑھے مؤکل حاضر ہوگا یا پھر موکل سے فوراً حاضری کا طریقہ دریافت کرے جو کام ہوگا انجام دے گا۔

اگر تین روز میں مؤکل حاضر نہ ہو تو نا امید ہو کر عمل مذکور کو ترک نہ کردیں بلکہ برابر ۲۱ روز پڑھتے رہیں انشاء اللہ ضرور کامیاب ہوں گے۔

وسعت رزق کا وظیفہ

عروج ماہ میں شروع کریں اور ہر روز بعد نماز عشاء مع درود شریف اوّل وآخر ۱۱۔۱۱ بار اور درمیان میں ۲۷ بار یَا بَاسِطُ الَّذِیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ پڑھے انشاء اللہ کبھی کسی کا دست نگر نہ ہو غیب سے روزی ملے۔

عمل یَالَطِیْفُ

بعد نماز عشاء وتر سے قبل دو رکعت نفل پڑھے بعدہٗ یَا لَطِیْفُ ۱۲۹ بار اوّل آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ بار پڑھے اور اپنے ہاتھوں پر دم کر کے دونوں ہاتھ، سر، منہ، سینے پر گردن کے نزدیک دائیں بائیں ہاتھ پھیر لیا کرے فراخی رزق کے لئے بہت ہی مؤثر ہے۔

جیب خالی نہ رہے

یہ نقش مشک و زعفران سے بھوج پتر پر لکھے۔ اگر دستیاب نہ ہو تو بوجہ مجبوری کاغذ پر لکھے اور بیچ کے خانہ میں خرچ یومیہ لکھے اور موم جامہ کر کے اپنے بازو پر باندھ لے اس کے بعد عمل سورہ

مزمل شریف شروع کرے۔ اگر اس نقش کو چاندی کے پتر پر کندہ کرا کے اپنے پاس رکھے۔ ایک طرف یہ نقش دوسری طرف نقش تکسیر جنہ تو اس نقش سے بہت سے فوائد حاصل ہو سکتے ہیں۔

۳۰۰۲۶	۳۰۰۲۹	۳۰۰۳۲	۳۰۰۱۹
۳۰۰۳۱	۳۰۰۲۰	۳۰۰۲۵	۳۰۰۳۰
۳۰۰۲۱	۳۰۰۳۴	۳۰۰۲۷	۳۰۰۲۴
۳۰۰۲۸	۳۰۰۲۳	۳۰۰۲۲	۳۰۰۳۳

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الٰہی بحق ھو الغفور الودود ذو العرش المجید فعال
لمایرید حسب ضرورت خرج روز مرہ از خزانہ
غیب رسان انستہ برسد

نقش دولت مندی

اوّل غسل کرے پھر تازہ وضو بنا کر دو رکعت نماز نفل بجز و انکساری ادا کرے پھر سو مرتبہ یالطیف یالطائیل پڑھے۔ بعدہٗ یہ کلمات کہے یَا لَطِیْفُ اُلْطُفْنِیْ بِلُطْفِکَ اور پڑھتے وقت اس نقش کو باوضو لکھ کر اپنے سامنے رکھے چند روز مداومت کرنے سے تمام مرادات دلی حاصل ہوں گی۔ یہ عمل نہایت آسان اور مجرب و آزمودہ ہے چاہیئے کہ ہمیشہ پابندی کرے انشاءاللہ بہت جلد غنی ہو۔

ف	ی	ط	ل
ل	ط	ی	ف
ی	ف	ل	ط
ط	ل	ف	ی

نقش نفع تجارت

چاہیئے کہ یہ نقش نہایت خوشخط لکھ کر دکان میں سامنے کے رخ میں آئینے کے اندر لگائے انشاءاللہ تعالیٰ دکان میں کافی گاہک آئیں گے اور کافی منافع ہوگا۔ مجرب المجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ الذی سخر لکم البحر لتجری الفلک فیہ بامرہٖ

٣٠٧٣	٣٠٨٧	٣٠٨٤	٣٠٨٠
٣٠٨٥	٣٠٧٩	٣٠٧٤	٣٠٨٦
٣٠٧٨	٣٠٨٢	٣٠٨٩	٣٠٧٥
٣٠٨٨	٣٠٧٦	٣٠٧٧	٣٠٨٣

ذلک لآیٰت لقوم یتفکرون

ولتبتغوا من فضلہ ولعلکم تشکرون ،

ترقی تجارت وروزگار

عمل یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ برائے تجارت وترقی روزگار کے لئے عجیب تاثیر رکھتا ہے۔ ترکیب بعد نماز عشاء ۵۰۰ مرتبہ ایسی جگہ کھڑے ہوکر برہنہ سر کہ سایہ کسی چیز کا سر پر نہ ہو پڑھے۔ اوّل وآخر ۱۱۔۱۱ بار درود شریف پڑھے۔ انشاءاللہ غیب سے رزق ملے۔ پہاڑ کے برابر بھی قرضہ ہوتو انشاءاللہ جلد ادا ہو جائے۔

انگوٹھی میں رکھنے والا نقش

یہ نقش چاندی کی پتری پر شرف آفتاب میں کندہ کر کے انگوٹھی میں رکھ کر اوپر سے کوئی خوبصورت نگینہ لگا کر انگلی میں پہنے۔

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم
یا منان ذا الاحسان
قد عم کل الخلآق منہ

خزانہ غیب سے روزی ملنے کا عمل

جہاں سے وہم وگمان نہ ہو کہ خود حیران رہ جائے اوّل درود مستغاث ایک بار پڑھے بعد ازاں آیۃ کریمہ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۭ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ۭ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۔ (سورۃ طلاق ۶۵ آیت ۲ سے ۳)

ایک ہزار مرتبہ پڑھے پھر ایک بار درود مستغاث پڑھے اسی طرح چالیس یوم کا لحاظ رکھے کہ ہر روز وقت مقررہ پر پڑھے خواہ صبح خواہ شام مگر بعد عشاء بہتر ہے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا اثر پانچویں چھٹے دن ہی ظاہر ہوگا کہ غیب سے ایک چیز پہنچے گی مگر لانے والے سے کسی قسم کی مزاحمت نہ کرے کہ تم کون ہو یہ کیا چیز ہے۔ کچھ نہیں، بس نہایت خاموشی سے وہ چیز لے کر حفاظت سے رکھ لے جب ۴۰ دن کی دعوت ختم ہو تو چاہئے کہ ہر روز بعد ہر نماز اوّل وآخر درود شریف اور دس بار آیۃ مذکورہ پڑھتا رہے تاکہ عمل قائم رہے اگر ہر نماز کے بعد ممکن نہ ہو تو صرف بعد نماز فجر ہی پڑھ لیا کرے اور چاہے کہ یہ عمل در برج ثابت وعروج ماہ میں کرے۔

حصول دولت وغنا

چاہیئے کہ اابار پڑھے بعد سلام اابار درود غوثیہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ پڑھ کر بماہ ثابت عروج ماہ بعد نماز مغرب تازہ وضو کر کے پھر شافی شفاء یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ شفا شافی بے گنتی یَانَبِیَّ اللّٰہِ پڑھے پھر دو رکعت نفل پڑھے صلاۃ الاسرار کی نیت سے اور ہر رکعت میں بعد سورہ اخلاص اور یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ ایک بار پڑھے۔

پھر ۳ یا ۷ یا اابار اپنے مقصد کے لئے دعا کرے پھر یہ چراغ اس ترکیب سے روشن کرے اور اسی طرح رخ رکھے اور اسی طرح چراغ کے سامنے بیٹھے کہ خود کے سامنے چراغ رہے اور گیارہ بار درود غوثیہ اور ۱۶ابار یَاسَادَاتِنَا پوری عبارت اور اابار یا شیخ عبدالقادر جیلانیؒ پڑھے اور ۵۴۳ابار یَا کَرِیْمُ یَا اَحَدُ یَا مُنْعِمُ پڑھے پھر اابار درود غوثیہ پڑھے ۱۴۱رات تک ایسی جگہ پڑھے کہ وہاں کوئی دوسرا نہ رہے اور لوبان سلگائے پھر شب چہارم ہر ماہ خالی مقام پر عمل بدستور پڑھتا رہے مگر حد ختم ہونے کے بعد ۵۴۳ابار نہ پڑھے بلکہ ۱۷۵بار پڑھے لیکن ہر سال ۴رجب کو فاتحہ چاروں سلاطین کی جن کے اسماء اس چراغ میں کندہ ہیں خاص اہتمام کے ساتھ کرنا چاہیئے۔

ترکیب فاتحہ : اوّل درود غوثیہ ۷بار۔الحمد شریف ایک بار آیۃ الکرسی اابار قل اللہ شریف ۷ بار پھر درود غوثیہ ۳بار پڑھ کر حضور پرنور تاجدار انبیاءؐ کی روح پاک کو نذر کرے پھر تمام انبیاء کرام علیہم السلام صحابہ کرام اہل بیت وائمہ کام پھر حضور غوث اعظم و جملہ مشائخ کرام پھر حضور اعلیٰ حضرت اور سب بزرگان دین رضوان اللہ علیہم کی ارواح طیبات کو بخشے پھر خصوصاً جن بزرگ کی تیار کی گئی ہے ان کی روح پاک کو بخشے چاہیئے کہ کھڑے ہو کر نیاز دے ادب کے ساتھ۔تمام ہوا بیان چراغ خوردکا۔

سونے کا درخت

(یہ عمل لاکھ روپے کا ملے تو بھی مفت ہے)

برائے حصول نعمت و دولت کہ کبھی ختم نہ ہو جتنا چاہے خرچ کرے۔ چاہئے کہ یہ مربع ساعت سعد میں کندا کرا کے سونے کی قلعی کرائے اور اس کو مثل چراغ گہرا کر کے چاروں طرف بتی کا نشان بنا لے۔ بعدہٗ چار نقش کاغذ پر لکھ کر نئی روئی لپیٹ کر چار بتی بنائے اور چراغ کے ہر گوشہ میں رکھ کر گھی اور قدرے شہد ملا کر روشن کرے اور یہ عمل ایک خلوت خانہ میں کرے اسی کی روشنی میں بیٹھے اور بخور سلگائے غسل کر کے بغیر سلا ہوا کپڑا بطور احرام پہنے اور دو رکعت نماز دوگانہ ہدیہ الروح جمیع پیران وارواح اولیائے کرام و مؤکلات و عامل ہذا

ادا کرے اور ہر رکعت میں بعد الحمد ۳۔۳ بار سورۂ اخلاص پڑھے بعد سلام پھیرنے کے فاتحہ پڑھے اور سب کا ثواب مذکورہ بالا کی ارواح کو بخشے پھر الحمد شریف اور آیۃ الکرسی ایک ایک بار اور ہر چہار قل ایک ایک بار مگر سورۂ اخلاص ۳ بار پڑھ کر اپنے گرد حصار کر کے یہ عزیمت یَا عَقُصَدِ بُل بِحَقِّ یَا غَنِیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا صَمَدُ یَآ دَائِمُ ۱۱۹۴ بار باادب پڑھ کر پھر دوسری عزیمت یَا کَلْکَائِیْلُ یَا جُیُوْشُ بِحَقِّ یَا عزرائیلُ اُجِیْبُوْا دُعَآئِیْ یَا عَزِیْزُ یَا مَلِیْکُ ۱۱۹۴ بار پڑھے اور اگر اتنا نہ ہو سکے ۱۱۴ بار کافی ہے (مگر تعداد کا لحاظ رکھے کہ کم و بیش نہ ہو پہلے تسبیح کے دانے شمار کر لئے جائیں) یاد رہے کہ جس وقت بتی پر روئی لپیٹے اس وقت آیۃ کریمہ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تا بِغَیْرِ حِسَابٍ پڑھے اور جس وقت نقش فتیلوں کے واسطے لکھے اس وقت عزیمت پڑھتا جائے۔ اسی طرح چالیس شب یا بیس شب کرے اور ان ایام خلوت میں مثل اعتکاف بیٹھے (۱) چاہے روزہ رکھے چاہے نہ رکھے اور گوشت مچھلی انڈا ہر قسم کی مٹھائی سے پرہیز رکھے۔ (۲) کوئی عورت اس چراغ کو ہاتھ نہ لگائے (۳) گھی اتنا ڈالے کہ عمل ختم ہونے سے پہلے بتیاں گل نہ ہو جائیں۔ (۴) ہر روز ختم عمل جو روغن و شہد بچے اسے آٹے سے صاف کر کے خود اس کی روٹی پکا کر ورنہ کوئی دوسرا اور بوجہ مجبوری کوئی بوڑھی عورت پکائے پھر اس روٹی کو یا تو خود کھائے یا اپنا لڑکا یا کوئی مرد مگر عورت ہرگز نہ کھائے۔ (۵) چاروں فتیلے یکساں روشن ہوں۔ چراغ بالکل سیدھا رکھا جائے عامل کا جب چلہ ختم ہو تو ہر مہینے یہ عمل کر لیا کرے یعنی ہر مہینے ۳ شب غسل کر کے بغیر سلا ہوا کپڑا پہنے لوبان سلگائے اور اسی طرح دوگانہ ادا کرے اور ثواب اس کا اسی طرح ارواح طیبہ کو بخشے اور اسی طرح عمل مذکور پڑھے مگر اب اعتکاف کی ضرورت نہیں۔ بہتر ہوگا کہ ۲۰۔۲۱۔۲۲ تاریخ کی شب میں پڑھ لیا کرے اور ہر روز ایک نقش لکھ کر اپنے پاس رکھ لیا کرے تا درام ثلثہ جس قدر نقوش ہوں وہ جب کوئی غریب حاجتمند آئے تو اسے ایک نقش دے دیا کرے کہ موم جامہ کر کے گلے میں پہنے جب تک وہ نقش اس کے پاس رہے گا غیب سے روزی پہنچے گی اور بہتر ہوگا کہ یہی عزیمت ۱۱۴ بار پڑھنے کو بتا دے اور فتیلوں کی راکھ

حفاظت سے رکھی جائے وہ راکھ جس مریض کو کھلائی جائیگی انشاء اللہ تعالیٰ شفائے کامل ہوگی۔ خوراک دودھ، چاول ہمراہ بالائی یا مکھن یہ عمل شیخ محمد غوث گوالیاری رحمۃ اللہ علیہ کے نوادر سے بہت ہی نادر اور نایاب بلکہ معدوم اور حضور پرنور میاں ابوالحسن احمد نوری رحمۃ اللہ علیہ صاحب سے منقول ہے کہ ہر روز یہ عزیمت ۱۱۴مرتبہ پڑھے۔

یاغنیُ	اجب یا عقصدئیلُ بحق یا غنیُ یا قیومُ یا صمدُ یا دائمُ				یاغنیُ
	۲۹۱	۳۰۴	۳۰۱	۲۹۸	
	۳۰۲	۲۹۷	۲۹۲	۳۰۳	
	۲۹۶	۲۹۹	۳۰۶	۲۹۳	
	۳۰۵	۲۹۴	۲۹۵	۳۰۰	
یحبۃ ۹					یحبۃ ۹

عمل بے نظیر دست غیب

اگر کوئی خرچ سے بے خرچ ہو تو یہ دونوں نقش لکھ کرنئی روئی لپیٹ کر بتی بنائے اور نئے چراغ میں خوشبودار روغن ڈال کر بعد نماز عشاء روشن کرے اور اس کی روشنی میں ان چاروں بزرگان کے اسم اوّل آخر سات سات بار درود پڑھ کر سو بار پڑھے...... چاروں طرف یعنی چراغ اپنے سامنے رکھے پہلے کعبہ کو یعنی مغرب کی طرف منہ۔

۷۸۶

۳۸۳	۳۸۶	۳۸۹	۳۷۵
۳۸۸	۳۷۶	۳۸۲	۳۸۷
۳۷۷	۳۹۱	۳۸۴	۳۸۱
۳۸۵	۳۸۰	۳۷۸	۳۹۰

کر کے سو بار پڑھے پھر مشرق کی طرف پھر شمال کی طرف پھر جنوب ہر چہار جانب سو سو بار اور ہر سو بار کے ساتھ سات سات بار درود اسی طرح ۲۱ روز متواتر پڑھے چاروں نام یہی ہیں جو نقش میں لکھے ہوئے ہیں۔

شرائط یہ ہیں اس قسم کے عملیات شروع کرنے سے پہلے خوب اچھی طرح سوچ سمجھ لیجئے کہ میں اپنے نفس پر قابو بھی رکھ سکتا ہوں کہ میں ترک حیوانات جلالی و جمالی مع شرائط ادا کرتے ہوئے اتنے عرصہ تک چلّہ میں بیٹھ سکوں۔ اگر ہاں تو شوق سے ارادہ کیجئے فقیر کی رائے ہے کہ استخارہ کر کے اجازت لے لیجئے تا کہ کسی قسم کا احتمال نہ رہے۔

عمل دست غیب

فرض و سنت فجر کے درمیان روزانہ چالیس دن تک سورہ ہمزہ ۴۱ بار پڑھے غیب سے چالیس روپے ملیں اس کے علاوہ یہ عمل بھی دست غیب کے لئے اکسیر ہے۔ سات روزے رکھے جھوٹ نہ بولے اور ہر شب بعد عشاء یہ پڑھے وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ وَيَعْلَمُ مَا فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِیْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِیْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ۔ ط

(سورۃ انعام ۶ آیت۔ ۵۹)

ایک ہزار بار پڑھے اوّل آخر درود شریف ۱۱۔ ۱۱ بار پڑھے پھر یاحیُّ ہزار بار یا قیُّومُ

۱۵۰ بار سات دن بعد ایک جن آئے گا۔اس سے ۵ درہم لے اور اس کو جیب میں رکھے خوب خرچ کرے مولیٰ تعالیٰ چاہے کبھی ختم نہ ہوں گے۔

اضافہ رزق کا مجرب عمل

بعد ہر نماز فرض فوراً بغیر کلام کے آیۃ الکرسی پڑھ کر آیۃ کریمہ ایک بار پڑھے وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَهٗ مَخْرَجًاوَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ؕ (سورۃ طلاق ۶۵ آیت ۲ سے ۳)

پھر ایک بار سورۂ فاتحہ ۳ بار سورۂ اخلاص ۳ بار درود شریف پڑھ کر آسمان کی طرف دم کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کی روح بغیر توسط ملک الموت قبض فرمائے اور اسی وقت داخل جنت فرمائے گا اور زندگی میں روزی اس کی فراخ ہوگی، سکرات موت میں آسانی اور قبر میں کشادگی وراحت ہوگی۔ ایمان پر خاتمہ ہوگا۔

وسعت رزق

يَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ پانچ سو بار اوّل وآخر درود شریف ۱۱۔۱۱ بار بعد نماز عشاء قبلہ رو باوضو ننگے سر ایسی جگہ جہاں سر اور آسمان کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو۔ یہاں تک کہ سر پر ٹوپی بھی نہ ہو۔ پڑھا کریں۔

کشادگی رزق اور روزگار کیلئے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ۔ سو بار اوّل وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف وقت فجر درمیان سنت وفرض پڑھا کریں۔

ترقی رزق

روز یہ نقش لکھ کر دو ایک لونگ اور ذرا سی شکر سرخ اس میں رکھ کر لکڑی کی آگ میں

جلائے یا کنوئیں کے اندر ڈالے اور فلاں بن فلاں کی جگہ اپنا اور اپنی والدہ کا نام لکھے۔

۷۸۶

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶

فلاں بن فلاں

وسعت رزق کا مجرب عمل

سورۂ نصر کی تلاوت بعد نماز فجر اکیس بار بعد نماز ظہر بائیس بار اور بعد نماز عصر تیئس بار بعد نماز مغرب چوبیس بار بعد نماز عشاء پچیس بار اور اتنا ہی اوّل وآخر درود شریف، کشائش رزق کے لئے بے حد مفید ہے سورۂ نصر سورہ اِذا جَآءَ نَصرُ اللّٰہِ الایہ ہے۔

وسعت رزق کا مجرب عمل

اس دعا کی دعوت وسعت رزق کے لئے اور برکت کے واسطے اکسیر اعظم ہے اور بزرگان دین نے پڑھا ہے اور اس کی برکت سے دین ودنیا کی ترقی ملی ہے۔ عروج ماہ ثابت میں شروع کرے تعداد زکات ایک ہزار ایک بار ہے۔ جس مدت میں چاہیں پڑھیں۔ مگر طاق ایام ہوں۔ ۳۔ ۵۔ ۷۔ ۱۱۔ اور کسر آخر دن اضافہ کر کے پڑھیں۔ بعد ادائیگی زکات ہر روز عمل کے اثر کو باقی رکھنے کے لئے ایک بار یا تین بار بعد نماز فجر پڑھ لیا کریں۔ پرہیز جمالی وجلالی دونوں رکھیں اور ممکن نہ ہو تو صرف جمالی بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم اللھم صل علی سید نا و مولانا محمد و علیٰ اٰل سیّدنا و مولانا محمد وبارک وسلم وبک اَستَغِیثُ فَاَغِثنِی وَعَلَیکَ تَوَکَّلتُ فَاکفِنِی یَا کافِی اَکفِنِی المُھِمَّاتِ مِنَ الدُّنیَا وَالاٰخِرَۃِ وَیَارَحمٰنَ الدُّنیَا وَالاٰخِرَۃِ وَیَا رَحِیمَھُمَا

اَنَا عَبْدُکَ بِبَابِکَ۔

تلاش روزگار

سورہ اخلاص کا پڑھنا تلاش معاش کے لئے مع بسم اللّٰہ ایک ہزار ایک بار اوّل و آخر درود شریف سو سو مرتبہ عروج ماہ میں نہایت موٴثر ہے۔

کشائش رزق

بعد نماز عشاء وتر سے پہلے دو رکعت نماز پڑھے اس کے بعد یَا لَطِیْفُ سو بار اوّل و آخر درود شریف ۱۱۔ ۱۱ بار اور الٹے ہاتھ کو سینہ پر گردن کے پاس رکھے مجرب ہے۔

کشائش رزق

عروج ماہ میں پہلی شب سے شروع کرے ہر روز بعد نماز عشاء اوّل و آخر درود شریف ۳۔۳ بار اور بہتر بار یہ پڑھے یا باسط الذی یبسط الرزق لمن یشآء بغیر حساب (ہر روز ایک چلہ کرے) پھر تاثیر ملاحظہ کریں۔

دفع محتاجی کا عمل

سورہ فلق ہر روز تیں بار پڑھے محتاج نہ ہوگا۔

فراخی رزق کا بہترین عمل

مجرب ہے بفضل خدا۔ سنت و وتر کے درمیان۔
بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم ۔۷۸۶ مرتبہ پڑھے اس کے بعد کھڑے ہو کر ہزار بار یا ربّ پڑھے اوّل و آخر درود شریف ۱۱۔ ۱۱ بار بے حد کشائش ہو گی انشاء اللہ تعالیٰ۔

دفع محتاجی کا عمل

روزانہ بعد نماز عشاء سورۂ واقعہ پڑھنا بے حد مفید ہے اور اس کے عامل کو انشاء اللہ کبھی محتاجی نہ آئے گی۔

ترقی دکان کے لئے

الله الذی سخر لکم البحر لتجری

۳۱۱۳	۳۱۱۶	۳۱۱۹	۳۱۰۵
۳۱۱۸	۳۱۰۶	۳۱۱۲	۳۱۱۷
۳۱۰۷	۳۱۲۱	۳۱۱۴	۳۱۱۱
۳۱۱۵	۳۱۱۰	۳۱۰۸	۳۱۰۲

الفلک بامرہ و لتبتغوا من فضلہ

ولعلکم تشکرون و سخر لکم ما فی السموت

وما فی الارض جمیعا منہ ان فی ذالک لآیت لقوم یتفکرون

رزق میں برکت

مال و زر میں برکت کے لئے اس نقش کو لکھ کر مال کے اندر رکھے انشاء اللہ تعالیٰ بہت زیادہ فائدہ ہوگا، نقش یہ ہے۔

فتوح رزق

ہر روز بعد نماز عشاء یا صبح سات نقش لکھ کر بیس مرتبہ یہ دعا پڑھے اور نقش ہا پر دم کرے یا جبرائیل یا دردائیل یا رفتمائیل یا تنکفیل بحق یا بدوح ۴۰ دن بعد ان نقوش کو جمع کر کے آٹے کی گولی بنا کر دریا میں ڈالے۔ آٹے میں گولیا بنا کر روز بھی ڈال سکتا ہے یا پھر آسانی کے مطابق عمل کرے۔

یابدوحُ	یاجبرائیلُ		یابدوحُ
۱۰	۹		۱
۶	۲	۷	۱۴
	۸	۳	
۴	۱۱		۵

دردائیلُ — یاتنکفیلُ

ترقی رزق

اس تعویذ کولکھ کر بازو پر باندھے اور ایک نقش کاغذ پر لکھ کر فریم کرا کے دکان یا مکان میں لٹکائے اور ہر ایک اسم کو ان کے اعداد کے موافق بعد نماز عشاء یا فجر کے پڑھتا رہے اوّل وآخر درود شریف ۱۱۔۱۱ بار ضروری ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

یاغنی	یارزاقُ	یافتاح	یاباسط
یاباسط	یافتاح	یارزاقُ	یاغنی
یارزاقُ	یاغنی	یاباسط	یافتاح
یافتاح	یاباسط	یاغنی	یارزاقُ

تعداد غنی ۱۰۶۰، رزاقُ ۳۰۸،
فتاح ۴۸۹، باسط ۷۲۔

وسعت رزق

چاندی کے پتر پر شرف آفتاب میں کندہ کرا کے انگوٹھی یہ میں یا پھر نقش گلے میں پہنے۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم
یا منان ذا الاحسان قد علم کل
الخلائق منه یا ضان

خزانہ غیب سے روزی پہنچنے کا مجرب عمل

جہاں سے وہم وگمان نہ ہو اس جگہ سے روزی ملے گی۔ اوّل درود مستغاث ایک بار پڑھے اس کے بعد آیۃ کریمہ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَایَحْتَسِبُ ط وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ ط اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا۔ (سورۃ طلاق ۶۵ آیت ۲ سے ۳)

ایک ہزار ایک بار پڑھے پھر ایک بار درود مستغاث اسی طرح چالیس دن وقت مقررہ پر پڑھے خواہ بوقت صبح یا بوقت شام مگر رات بہتر ہے انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کا اثر پانچویں یا چھٹے دن ظاہر ہو جائے گا کہ غیب سے روزی ملے گی مگر لانے والے سے کچھ نہ پوچھے اور مزاحمت نہ کرے کہ تم کون ہو اور کہاں سے آئے ہو۔ بعد اختتام دعوت کے اوّل و آخر درود شریف اور دس مرتبہ آیت کریمہ ہر نماز کے بعد پڑھا کریں تاکہ عمل باقی رہے اور اگر یہ میسر نہ ہو تو صرف ایک بار نماز کے بعد پڑھا کریں اور یہ عمل بروج ثابت میں عروج ماہ میں کریں۔ (نوٹ) سال میں چار مہینے ثابت اور چار منقلب اور چار ذوجسدین کے ہوتے ہیں۔ ثابت یہ ہیں جیٹھ، بھادوں، اگہن، پھاگن منقلب۔ ذوجسدین کا بیان آگے آئے گا۔

واسطے دولت مند ہونے کے

تازہ غسل کر کے پھر کامل وضو بنا کر دو رکعت نماز غایت عجز کے ساتھ ادا کرے پھر ایک سو مرتبہ یَالَطِیْفُ وَیَا طَاطَائِیل پڑھ کر یہ کلمات کہے یَالَطِیْفُ اُلْطُفْنِیْ بِلُطْفِکَ یَـالَطِیْفُ اور پڑھنے کے وقت اس نقش پر نظر رکھے چند روز کی مداومت سے تمام مرادیں پوری ہوں گی اور اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ف	ی	ط	ل
ل	ط	ی	ف
ی	ف	ل	ط
ط	ل	ف	ی

مال کی زیادتی کیلئے

بکس یا جیب میں رکھے کبھی بکس خالی نہ ہوگا اور مؤکل کے نام کو پشت پر لکھے نام مؤکل کا یہ ہے۔ ''یادردائیل''

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۳۰۰۲۶	۳۰۰۲۹	۳۰۰۳۲	۳۰۰۱۹
۳۰۰۳۱	۳۰۰۲۰	۳۰۰۲۵	۳۰۰۳۰
۳۰۰۲۱	۳۰۰۳۴	۳۰۰۲۷	۳۰۰۲۴
۳۰۰۲۸	۳۰۰۲۳	۳۰۰۲۲	۳۰۰۳۳

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الٰہی بحق ہو الغفور الودود
ذوالعرش المجید فعال لمایرید
حسب ضرورت خرچ روزمرہ ازخزانہ
غیب رساں

مال میں برکت کا مجرب عمل

تین نقش لکھے ایک گلے میں ڈالے دوسرا جہاں روپے پیسے رکھتا ہو تیسرا دکان یا مکان

میں آویزاں کرے مال میں برکت ہو نقش یہ ہے۔

بے روزگار کیلئے روزگار

جو شخص بے روزگار ہو اور اسے کوئی کام دھندا نہ ملتا ہو تو فجر کی سنت اور فرض کے درمیان اوّل تین بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد یہ آیت ستر بار پڑھے۔ آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر روزگار کے لئے دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک ماہ میں ملازمت مل جائے گی۔

درود ابراہیمی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ

وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ

وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ۔ ؏ وَاِذْ قَالَ اِبْرَاهِیْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِیْ وَ بَنِیَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ؕ رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِیْرًا مِّنَ النَّاسِ ؏ فَمَنْ تَبِعَنِیْ فَاِنَّهٗ مِنِّیْ ؏ وَمَنْ عَصَانِیْ فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۔ (سورۃ ابراہیم ۱۴ آیت ۔ ۳۳ سے ۳۶)

دکان میں مال زیادہ فروخت ہو

جو شخص دکان کی فروخت کے سلسلے میں پریشان ہو اور مال سے دکان بھری ہے لیکن گاہک نہیں آتا یا آتا ہے تو فضول باتیں کر کے وقت ضائع کر کے چلا جاتا ہے۔ یا خریدا ہوا مال لوٹانے آتا ہے۔ کبھی اچھے مال میں عیب نکالتا ہے۔ اس طرح دکان دار سارا سارا دن خالی بیٹھا رہتا ہے۔ گھر کا خرچ چلانا مشکل ہوتا ہے۔ اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھیں اور کالے کپڑے میں موم جامہ کر کے دکان کے گلگ (پیسے رکھنے کا بکس) میں رکھ دے تو انشاء اللہ تعالیٰ بہت برکت ہو گی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸۳۰	۱۸۳۳	۱۸۳۷	۱۸۲۳
۱۸۳۶	۱۸۲۴	۱۸۲۹	۱۸۳۴
۱۸۲۵	۱۸۳۹	۱۸۳۱	۱۸۲۸
۱۸۳۲	۱۸۲۷	۱۸۲۶	۱۸۳۸

روزی اور کاروبار میں برکت

اگر روزی کی تنگی ہو یا تنخواہ میں گزارہ مشکل ہو گیا ہو یا کاروبار میں گھاٹا ہو رہا ہو تو اس کے لئے یہ نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مرد اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے اور اگر عورت

ہے تو اپنے بائیں بازو پر باندھ لے انشاءاللہ تعالیٰ جلد ہی آمدنی میں اضافہ ہوجائے گا۔

وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۴۹	۵۵۲	۵۵۶	۵۴۲
۵۵۵	۵۴۳	۵۴۸	۵۵۳
۵۴۴	۵۵۸	۵۵۰	۵۴۷
۵۵۱	۵۴۶	۵۴۵	۵۵۷

روزی میں اضافہ

